Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 جمعرات، 4 اپریل 2024ء، 24 رمضان المبارک 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 27

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس

سپیشل سپیڈی ٹرائل کورٹس کے قیام کی منظوری

جس میں ریپ اور بچوں پر ظلم زیادتی کی مقدمات کا تیز ترین ٹرائل کرکے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، ہتک عزت کیس میں 90 دن میں ڈگری اور 180 دن میں ٹرائل ختم کرنا ہوگا

جھوٹ بولنے اور جھوٹے الزامات کے کلچر کو بدلنا ہوگا، بل منظور ہونے پر ہتک عزت نوٹس بڑے اخبارات، سوشل میڈیا، کوریئر کے ذریعے دیا جاسکے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے پانچویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب کابینہ نے صوبہ بھر میں سپیشل سپیڈی ٹرائل کورٹس کے قیام کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا پانچواں اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزرا، چیف سیکرٹری، آئی جی پنجاب، مختلف محکموں کے سیکرٹریز اور دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران صوبائی کابینہ نی پنجاب میں سپیشل سپیڈی ٹرائل کورٹس قائم کرنے کی منظوری دی (بقیہ نمبر 1)

برائے مہربانی عدلیہ کو مشورہ دینے سے پہلے شیشہ دیکھ لیا کریں

عدلیہ کو وہ مشورے دے رہے ہیں جنہیں عدلیہ آئین شکن قرار دے چکی ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ عدلیہ کو وہ مشورے دے رہے ہیں جنہیں عدلیہ آئین شکن قرار دے چکی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جو عدلیہ کے خلاف ریفرنس بنانے میں ملوث ہیں، جن کے دور میں ججوں کو دھمکیاں دی گئیں، نوکریوں سے نکالا گیا، جو ریٹائر جج لگا کر "ڈیم فول عدالتی نظام" بنانے پر تلے تھے وہ عدلیہ کو مشورے دے رہے ہیں۔ برائے مہربانی عدلیہ کو مشورہ دینے (بقیہ نمبر 2)

چینی کمپنی نے دیامر بھاشا ڈیم پر دوبارہ کام شروع کر دیا

تقریباً 350 چینی شہریوں کام شروع کر دیا ہے جبکہ چھ ہزار مقامی عملہ پہلے ہی ڈیم پر کام کر رہا ہے

پشاور (نامہ نگار) تربیلا کے بعد چینی کمپنی نے دیامر بھاشا ڈیم پر دوبارہ کام شروع کر دیا تاہم داسو ڈیم پر کام تاحال معطل ہے۔ معتبر ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ داسو ڈیم پر کام چند روز میں دوبارہ شروع کر دیا جائے گا۔ دیامر (بقیہ نمبر 5)

انسداد بجلی چوری مہم کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز

ماہ مارچ 355 بجلی چوروں کو 2 کروڑ 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے، 86 بجلی چور گرفتار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بجلی چور معاشی، اقتصادی اور اخلاقی دہشتگردی کا باعث بن رہے ہیں جن کے قلع قمع کیلئے آئیسکو نے مکمل طور پر کمر کس لی ہے۔ ایف آئی اے اینٹی کرپشن یونٹ اور دیگر لا انفورسمنٹ اداروں (بقیہ نمبر 4)

جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات میں ملوث عناصر کیخلاف کارروائیوں کا آغاز

ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد کی بڑی کارروائی، لاکھوں مالیت کی جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات برآمد کرلی گئیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) جعلی اور غیر رجسٹرڈ ویٹرنری ادویات کی فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد کی بڑی کارروائی، لاکھوں مالیت کی جعلی اور غیر (بقیہ نمبر 3)

ریاست کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ میں فوج کی خدمات کلیدی حیثیت کی حامل رہی ہیں صدر

رخنہ ڈالنے والے عناصر سے

آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کا عزم

ریاست کی خودمختاری اور علاقائی سلامیت کے تحفظ میں فوج کی خدمات کلیدی حیثیت کی حامل رہی ہیں، صدر مملکت آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے ملاقات کی جس میں چیف آف آرمی اسٹاف کی صدر مملکت کو پاکستان کے صدر اور مسلح افواج کے کمانڈر کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ چیف آف آرمی اسٹاف نے صدر مملکت کی کامیاب مدت کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چیف آف آرمی اسٹاف نے صدر مملکت کو دہشت گردی کے خلاف جاری فوجی آپریشنز (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کے عوام یو اے ای کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں، وزیر اطلاعات

باہمی تجارت اور کاروباری روابط کو مزید مضبوط کرنے کے خواہاں ہیں، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے متحدہ عرب امارات کی ترقی اور تبدیلی کے لئے متحدہ عرب امارات کی قیادت کے وژن اور کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام متحدہ عرب امارات کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے مطابق یو اے ای اور پاکستان کے درمیان تجارت (بقیہ نمبر 6)

پنجاب میں بچوں کی غذائیت کا بینظیر نشوونما پروگرام کا آغاز

لاہور (این این آئی) صوبہ میں بچوں کی غذائیت میں کمی کو پورا کرنے اور انکی صحت مند زندگی کا خیال رکھنے کے لئے بینظیر نشوونما پروگرام کا آغاز ہوگیا۔ یہ بات صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب کا

عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لئے اہم فیصلہ

پولیس سمیت سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے ضلعی سطح پر انتہائی بااختیار ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹیاں بنائی جائینگی

کمیٹی میں اراکین اسمبلی، سینٹ، ڈپٹی کمشنر، ڈی پی او، سی ای او اتھارٹی، ایجوکیشن، وفاقی، صوبائی محکموں کے نمائندے شامل ہونگے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لئے اہم فیصلہ کیا ہے۔ جس کے تحت پولیس سمیت سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے ضلعی سطح پر انتہائی بااختیار ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹیاں بنائی جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری نے پنجاب بھر میں ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹیاں بنانے کے لئے چیف سیکرٹری کو مراسلہ ارسال (بقیہ نمبر 10)

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن سے پاکستان میں تعینات ازبکستان کے سفیر اوبیک عارف عثمانوف گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں

سڑکوں، بازاروں میں کوڑا نہیں نظر آنا چاہئے، وزیراعلیٰ

وزیر اعلیٰ پنجاب نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سسٹم کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا نظام نافذ کرنے کی منظوری دے دی

صفائی احکامات پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، مریم نواز شریف

لاہور (انٹرنیوز) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سسٹم کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا نظام نافذ کرنے کی منظوری دیتے ہوئے کہا ہے کہ سڑکوں اور بازاروں میں کوڑا کرکٹ نہیں نظر آنا چاہیے، صفائی احکامات پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت صوبے میں صفائی بارے خصوصی اجلاس منعقد (بقیہ نمبر 8)

پاکستان میں ہونے والے حملوں کے شعلے افغانستان بھی پہنچ رہے ہیں

پاکستان مذاکرات سے اپنا مسئلہ حل کرے، افغانستان کے نائب وزیر داخلہ محمد نبی عمری کا بیان

کابل (این این آئی) افغانستان کے نائب وزیر داخلہ محمد نبی عمری نے پاکستان اور کالعدم تحریک طالبان پاکستان کو مشورہ دیا ہے کہ وہ مذاکرات سے اپنا (بقیہ نمبر 24)

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ منشیات کے تدارک کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ورائٹی ایویلیوایشن کمیٹی کی جانب سے پاکستان میں چاول کی زیادہ پیداوار دینے والی

ہائبرڈ اور گرین سپر رائس کی اقسام کی سفارش

پاکستان میں چاول کے کسانوں کو معیاری بیج کی دستیابی کے لیے تحقیقی اداروں اور سیڈ کمپنیوں کے کردار کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

ہائبرڈز کے متعارف ہونے سے کسانوں کی پیداواری صلاحیت اور منافع میں مزید اضافہ ہوگا، چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی کا افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ورائٹی ایویلیوایشن کمیٹی کی جانب سے پاکستان میں چاول کی زیادہ پیداوار دینے والی ہائبرڈ اور گرین سپر رائس کی اقسام کی سفارش چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی کا افتتاحی تقریب سے خطاب چیئرمین نے چاول کی تحقیق (بقیہ نمبر 19)

پاکستان میں چاول کی زیادہ پیداوار دینے والی ہائبرڈ اور گرین سپر رائس کی اقسام کی سفارش چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی کا افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اساتذہ کے تبادلوں سے پابندی ہٹانے کا فیصلہ

محکمہ سکولز ایجوکیشن نے 7 مئی تک اساتذہ کے کوائف کی درستگی کا حکم دیدیا

لاہور (این این آئی) گرمی کی چھٹیوں میں اساتذہ کے تبادلوں سے پابندی ہٹانے کا فیصلہ کر لیا گیا، محکمہ سکولز ایجوکیشن نے 7 مئی تک اساتذہ کے کوائف کی درستگی کا حکم (بقیہ نمبر 11)

رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق مارچ 2024 میں مہنگائی میں 1.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 20.7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق شہری علاقوں میں 21.9 فیصد اور دیہی علاقوں میں مہنگائی 19 (بقیہ نمبر 13)

سینیٹ انتخابات میں مینڈیٹ چوری کیا گیا' ڈاکٹر یاسمین راشد

سن لو ہم اب بھی ڈٹ کر کھڑے ہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ کے ججز کو سلام پیش کرتی ہوں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات میں مینڈیٹ چوری کیا گیا، یاد رکھیں ظلم کی یہ رات جلد ختم ہونے والی ہے۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا (بقیہ نمبر 12)

امتحانی سنٹرز میں غیر متعلقہ لوگوں کے داخلے پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) چیئرمین بورڈ نیا امتحانی سنٹرز میں غیر متعلقہ لوگوں کے داخلے پر پابندی عائد کردی۔ بغیر اجازت امتحانی سنٹر میں داخل ہونے والے شخص کو حوالہ پولیس کیا جائے گا، سپرنٹنڈنٹ غیر متعلقہ شخص کے داخلے پر فوری 15 پر کال کریں گے۔ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر قانون کے (بقیہ نمبر 26)

ججز کو جو خط موصول ہو رہے ہیں اس پر حکام کو ایکشن لینا چاہیے

ججز کو خط موصول ہونا سنجیدہ معاملہ ہے اس کی تہہ تک پہنچنا چاہیے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این ای آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ججز کو جو خط موصول ہو رہے ہیں اس پر حکام کو ایکشن لینا چاہیے۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ججز کو خط موصول ہونا سنجیدہ (بقیہ نمبر 25)

اپوزیشن جماعتوں کے اجلاس کا اعلامیہ جاری

اپوزیشن جماعتوں کا آئین کی بحالی، صاف شفاف انتخابات کے بعد جمہوریت کی بحالی پر اتفاق

نظام جمہوریت اور سیاست مداخلت کی وجہ سے مفلوج ہوچکی ہے، پی ٹی آئی، پختونخوا ملی عوامی پارٹی، بی این پی مینگل کے سربراہان نے شرکت کی

اسلام آباد (آئی آئی پی) اپوزیشن جماعتوں کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا، اپوزیشن جماعتوں نے 13 نکات پر اتفاق کیا۔ جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا اجلاس میں پی ٹی آئی، پختونخوا ملی عوامی پارٹی، بی این پی مینگل کے سربراہان نے شرکت کی، جماعت اسلامی، سنی اتحاد کونسل اور ایم ڈبلیو ایم کے سربراہان بھی شریک ہوئے، اپوزیشن جماعتوں کا آئین کی بحالی، صاف (بقیہ نمبر 14)

دنیا میں 2 ہزار 781 ارب پتی، دولت 39 ہزار 252 کھرب روپے

647 کھرب 35 ارب روپے (233 ارب ڈالرز) کے ساتھ برنارڈ آرنلٹ نمبر ون ہیں

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی جریدے فوربز کی 38 ویں سالانہ دنیا کے کھرب پتیوں کی فہرست جاری ہوگئی، دنیا میں ریکارڈ 2781 ارب پتی ہیں جن کی (بقیہ نمبر 20)

5 وفاقی وزراء کو اضافی قلمدان مل گئے

وزیر نجکاری عبدالعلیم خان کو مواصلات کا اضافی قلم دان دے دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) 5 وفاقی وزراء کو اضافی قلم دان تفویض کردیے گئے کابینہ ڈویژن نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ کابینہ ڈویژن کے (بقیہ نمبر 21)

4 ججز کو بھی دھمکی آمیز خطوط موصول، نجی کوریئر کمپنی کا ملازم گرفتار

دھمکی آمیز خطوط جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس عابد عزیز اور جسٹس عالیہ نیلم کے نام بھجوائے گئے

پولیس، سی ٹی ڈی اور فرانزک ٹیموں کے افسران واہلکار فوری لاہور ہائیکورٹ پہنچ گئے، سکیورٹی پر تعینات اہلکاروں کی تعداد بڑھا دی گئی

لاہور (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے 8 ججوں کے بعد لاہور ہائیکورٹ کے 4 ججز کو بھی دھمکی آمیز خطوط موصول ہونے کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ دھمکی آمیز خطوط جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس عابد عزیز اور جسٹس عالیہ نیلم کے نام بھجوائے گئے۔ ذرائع کے مطابق دھمکی آمیز خطوط نجی کوریئر کمپنی کے ملازم نے موصول کروائے جسے حراست میں لے لیا گیا ہے۔ مشکوک (بقیہ نمبر 27)



کراچی: نیو میمن مسجد میں روزے دار آرام کر رہے ہیں

کشتی کے ذریعے بھاری مقدار میں چرس اسمگلنگ کی کوشش ناکام

گوادر (اے ایف پی) گوادر سے کشتی کے ذریعے بھاری مقدار میں چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ترجمان پاکستان کوسٹ گارڈز کے مطابق بلوچستان کے علاقے گوادر میں خفیہ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات پر کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 15)

انسانی سمگلنگ، ویزہ فراڈ میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل لاہور نے کارروائیاں کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ اور ویزہ فراڈ میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان ایف آئی اے وفاقی وزیر داخلہ محسن رضا (بقیہ نمبر 16)

سپریم کورٹ کے 4 ججز کو بھی مشکوک خط ملنے کا انکشاف

کیمیائی معائنے کیلئے نمونے بھجوا دیے ہیں، تین سے چار دن میں رپورٹ آجائے گی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے 8 اور لاہور ہائی کورٹ کے 4 ججز کو دھمکی آمیز خطوط موصول ہونے کے بعد سپریم کورٹ کے 4 ججز کو بھی (بقیہ نمبر 17)

متحدہ عرب امارات کا پاکستان میں طلبہ کیلئے قرضے اور دیگر سہولیات متعارف کرانے کا اعلان

کراچی (آئی آئی پی) متحدہ عرب امارات کی جانب سے پاکستان میں طلبہ کیلئے قرضے اور دیگر سہولیات متعارف کرانے کا اعلان کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل کی جانب سے کراچی

کراچی فش ہاربر اتھارٹی میں کروڑوں روپے کی کرپشن کا انکشاف

محکمہ منصوبہ بندی وترقیات نے چیف سیکرٹری کو اعلیٰ سطح کی تحقیقات کی سفارش کردی

کراچی (این این آئی) کراچی فش ہاربر اتھارٹی میں کروڑوں روپے کی کرپشن کا انکشاف ہوا ہے۔ محکمہ منصوبہ بندی وترقیات نے چیف سیکرٹری کو اعلیٰ سطح کی تحقیقات کی سفارش کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دستاویزات میں کہا گیا کہ فش ہاربر کو ترقی دینے کے لیے ٹھیکیدار کو 34 کروڑ 99 لاکھ روپے ایڈوانس ادا کیے گئے۔ ٹھیکیدار نے (بقیہ نمبر 28)

لاہور: لڑکیاں الحمرا آرٹ گیلری میں خطاطی کی نمائش دیکھ رہی ہیں

بہاولنگر، مقدمہ قتل میں پیشی پر جانیوالے دو بھائی فائرنگ سے قتل

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر میں موٹر سائیکل سواروں پر فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کھوڑا کھوہ کے قریب پیش آیا جہاں موٹر سائیکل سواروں پر فائرنگ کی گئی، پولیس نے بتایا کہ فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار 2 بھائی (بقیہ نمبر 30)

مچلکے جمع کرائیں باہر آئیں، احتساب عدالت کے جج کا فواد چوہدری سے مکالمہ

آرڈر کا انتظار ہے، تحریری آرڈر ملے گا تو مچلکے جمع کرائیں گے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر فواد چوہدری کے خلاف جہلم تعمیراتی منصوبے میں خورد برد کیس کی سماعت کے دوران سابق وزیر کا جج سے دلچسپ مکالمہ ہوا۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے کیس کی سماعت کے دوران فواد چوہدری سے استفسار کیا کہ ضمانت ہوگئی ہے آپ کی؟ اس پر سابق وزیر نے کہا کہ جی اس کیس میں ضمانت ہوگئی (بقیہ نمبر 29)

ایکس بندش سیکرٹری داخلہ ذاتی حیثیت میں اسلام آباد ہائیکورٹ طلب

ایکس بندش کیس، محکمہ داخلہ کے زبانی بیان پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ برہم، آئندہ ساعت پر سیکرٹری داخلہ طلب

جو بھی خطرہ ہے اس سے متعلق وجوہات اور ثبوت تحریری پیش کریں، آئندہ ساعت پر سیکرٹری داخلہ پیش ہوں، چیف جسٹس

مسلم لیگ (ن) کے رہنما ڈاکٹر سعید الٰہی کی جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر مہمان خصوصی گورنر پنجاب بلیغ الرحمن کا مسلم لیگ لاہور کے صدر ندیم پہلوان اور دیگر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (ٹوئٹر) کی بندش کے خلاف کیس کی سماعت کے دوران محکمہ داخلہ کے زبانی بیان پر اظہار برہمی کرتے ہوئے آئندہ ساعت پر سیکرٹری داخلہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ ایکس کی بندش کے خلاف صحافی احتشام عباسی کی درخواست پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے سماعت کی۔ جوائنٹ سیکرٹری داخلہ عدالت میں پیش ہوئے، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے ریمارکس دیے کہ وزارت داخلہ سے آئے تو ہیں، اب دیکھتے ہیں کیا لائے ہیں۔ جوائنٹ (بقیہ نمبر 18)

بدتمیزی کرنے والے وکیل کی گرفتاری کا حکم

عدالت مذکورہ وکیل کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی عمل میں لائے' ریفرنس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چیف جسٹس سے بدتمیزی کرنے والے وکیل کو گرفتار کرکے آج (جمعرات) کو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں بدتمیزی کرنے والے وکیل کے خلاف توہین عدالت کیس کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے حکومت کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت (بقیہ نمبر 22)

پاکستان میں معاشی استحکام کے آثار نمایاں ہونے کی تصدیق

آئندہ مالی سال میں شرح نمو میں دگنا اور بتدریج اضافہ ہوگا، بلوم برگ

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ بینک اور بلوم برگ کی رپورٹس میں پاکستان میں معاشی استحکام کے آثار نمایاں ہونے کی تصدیق کی گئی ہے۔ بلوم برگ کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ شرح نمو میں اضافے اور معیشت نے ترقی دکھانا شروع کردی ہے، آئندہ مالی سال میں شرح نمو میں دگنا اور بتدریج اضافہ ہوگا جبکہ اگلے مالی سال مہنگائی میں 11 (بقیہ نمبر 23)

حلف نہ لینے پر توہین عدالت کی درخواست؛ اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر کے پی اسمبلی کو نوٹس

پشاور (اے ایف پی) عدالت نے مخصوص نشستوں پر حلف نہ لینے پر توہین عدالت کی درخواست پر اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے پی اسمبلی کو نوٹس جاری کردیے گئے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں مخصوص نشستوں پر ارکان سے حلف نہ لینے کے حوالے سے توہین عدالت کی درخواستوں پر سماعت پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس ایس ایم عتیق شاہ اور جسٹس سید ارشد (بقیہ نمبر 31)

پریس کلب کے باہر سندھ سے اغوا ہونے والی بچی پریا کماری کی بازیابی کیلئے احتجاج کیا جا رہا ہے

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پٹرولیم نرخوں میں اضافہ

عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے دعووں کے ساتھ وجود میں آنے والی حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں دس روپے لٹر تک اضافہ کر کے یہ واضح کر دیا ہے کہ اس کی طرف سے عوام کو کس قسم کے ریلیف کی توقع رکھنی چاہیے۔ اس سلسلے میں جاری اطلاعیئے کے مطابق، پٹرول 9.66 روپے اور ڈیزل 3.32 روپے فی لیٹر مہنگا کیا گیا ہے، البتہ مٹی کے تیل اور ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی کی گئی ہے۔ مٹی کا تیل 2.27 روپے فی لیٹر سستا ہوا ہے جبکہ ایل پی جی کی قیمت میں 6.44 روپے فی کلو کمی آئی ہے۔ پٹرول اور ڈیزل پر فی لیٹر ساٹھ ساٹھ روپے لیوی برقرار رکھی گئی ہے۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ لیوی کے نام پر حاصل کی جانے والی رقم وہ ہے جو وفاقی حکومت حاصل کرتی ہے اور عام آدمی کو یہ تک بتانے کی زحمت گوارا نہیں کی جاتی کہ یہ رقم کہاں خرچ ہوتی ہے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا یہ سلسلہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی شرائط سے جڑا ہوا ہے اور ان شرائط پر عمل درآمد کر کے ایسی صورتحال پیدا کی جارہی ہے جس سے عوام زندہ درگور ہو رہے ہیں۔ اس بات کو زیادہ وقت نہیں گزرا جب انتخابی مہم کے دوران پاکستان مسلم لیگ (نواز) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما انتخابی جلسوں کے دوران عوام سے وعدے کر رہے تھے کہ اقتدار میں آنے کے بعد وہ انھیں ہر ممکن ریلیف فراہم کریں گے۔ یہ بھی کہا گیا کہ بجلی 300 یونٹ تک فری ہوگی مگر اقتدار میں آنے کے بعد جو کچھ کیا جارہا ہے وہ سب ان دعووں کے برعکس ہے۔ اب ان کے پاس جواز یہ ہے کہ ہم تو ریلیف دینا چاہتے ہیں لیکن آئی ایم ایف نہیں مان رہا۔ آئی ایم ایف کی شرائط کو من وعن قبول کر کے ان کا بوجھ عوام پر مسلط کرنا ملک وقوم کو گروی رکھنے کے مترادف ہے۔

معیشت کے حوالے سے ہی ایک اہم خبر یہ ہے کہ رواں مالی سال ٹیکسٹائل برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 14.5 فیصد یا تقریباً 3 ارب ڈالرز کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ آئی ایم ایف کی سخت شرائط کے باعث ملکی برآمدات متاثر ہونے کا وزارت تجارت کی سطح پر اعتراف موجود ہے۔ ایم آئی ایف کے مطالبے پر برآمدی شعبے کے لیے مراعات ختم کی گئیں اور آئی ایم ایف کی سخت شرائط پر عمل درآمد سے برآمدات کا تسلسل ٹوٹا۔ آئی ایم ایف کے مطالبے پر برآمدی شعبے کے لیے رعایتی نرخوں پر بجلی وگیس کی فراہمی ختم کرنے کے نتیجے میں پیداواری لاگت بڑھ گئی جس نے انڈسٹری کو بین الاقوامی طور پر مسابقت کے قابل نہیں چھوڑا اور یوں ملکی برآمدات پر منفی اثر پڑا۔ برآمدی شعبے کے لیے بجلی کی 9 سینٹ فی یونٹ اور ایل این جی کی 9 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو پر فراہمی روکنے سے برآمدات متاثر ہوئیں۔ مالی سال 2022 میں ٹیکسٹائل برآمدات ریکارڈ 19 ارب 30 کروڑ ڈالرز ہوگئیں تھیں تاہم یہ سلسلہ برقرار نہ رہ سکا اور مالی سال 2023 میں ٹیکسٹائل برآمدات کم ہو کر 16 ارب 50 کروڑ ڈالرز رہ گئیں۔ مراعات ختم کرنے سے تھوڑی بہت جاری برآمدات بند ہوگئیں تو ملک کیسے چلے گا؟

ایک طرف یہ سب کچھ چل رہا ہے اور دوسری جانب وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ جو دعوے کر رہے ہیں وہ اس صورتحال سے بالکل ہی مختلف دکھائی دیتے ہیں۔ ماڈل ٹاؤن لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت کی مثبت پالیسیوں کی بدولت روپے کی قدر مستحکم ہوئی ہے، آنے والے دنوں میں عوام کو مزید خوشخبریاں ملیں گی، ٹیکس نیٹ کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا، پسے ہوئے طبقے پر اضافی ٹیکسز کا بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، جلد ملک کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جو ٹیکس چوری کرتے ہیں۔

”فلسطین ہمیں معاف کر دینا“

(حاجی محمد لطیف کھوکھر)

فلسطینی محصور و مقہور ہونے کے باوجود وہ مسجد اقصیٰ کے تقدس کی خاطر ہنستے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے حریت و آزادی کی شمع فروزاں کیے ہوئے ہیں جبکہ غزہ کی پٹی پر صیہونی جنگی جرائم سے ہونے والی فلسطینیوں کی نسل کشی پر اقوام متحدہ اور عالمی برادری کی طرف سے خاموش تماشائی کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ سلامتی کونسل ہی نہیں، اُن طاقتوں نے بھی کچھ نہیں کیا جنہوں نے چاہا ہوتا تو اسرائیل کو ایک ہفتے کے اندر جنگ بند کرنے پر مجبور کیا جاسکتا تھا۔ تاہم عالمی برادری کے جنگ بندی کے اقدامات محض علامتی اور نمائشی ہی ہیں، ان کا مقصد جنگ رُکوانا ہرگز نہیں تھا ورنہ اسرائیل میں اتنا دم نہیں ہے کہ بیک وقت بہت سے ملکوں کی بات نہ مانے اور ہٹ دھرمی پر قائم رہے۔ امریکہ نے ”محدود جنگ“ یا ”محدود حملوں“ کی بات کہہ کر اپنا اصل چہرا بھی دُنیا کو دکھا دیا کہ اس کا معیارِ امن دو کوڑی کا ہے۔ غزہ میں صیہونی بربریت کے پانچ ماہ میں شہدا کی تعداد 30 ہزار سے بڑھ چکی ہے، 20 لاکھ سے زائد افراد فاقہ کشی، تحفظ، پانی، بجلی اور ادویات جیسی بنیادی ضرورتوں کے فقدان کا شکار ہیں۔ غزہ میں اشیاء خورد و نوش کی فراہمی روک دی گئی ہے، ہسپتالوں میں صیہونی مظالم کا شکار ہونے والے زخمیوں کے علاج معالجہ کیلئے طبی سہولیات کا کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں، امریکہ اور برطانیہ کی پشت پناہی میں اسرائیلی افواج نے رفح سے اخراج کیلئے دی گئی ڈیڈ لائن سے قبل تابڑ توڑ حملے کئے۔ اس سے ایک نئے انسانی المیے نے جنم لیا ہے۔ غزہ میں ہر گزرتے دن کے ساتھ بھوک کی کیفیت شدید تر ہوتی جا رہی ہے۔ بچے خوراک کی کمی سے جاں بحق ہو رہے ہیں۔ امدادی ٹرکوں کو اسرائیلی فوج نشانہ بنا رہی ہے۔ ایسے کئی ویڈیو سامنے آچکے ہیں جن میں غزہ میں شہری اپنے بچوں کی بھوک مٹانے کیلئے منہدم شدہ عمارتوں کے ملبے میں کھانے پینے کی اشیاء تلاش کر رہے ہیں۔ ایک ویڈیو میں جسے الجزیرہ نے شیئر کیا، ایک شہری کو امدادی ٹرک سے سڑک پر گرا ہوا آٹا اکٹھا کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق 5 لاکھ سے زائد فلسطینیوں کو پیٹ بھر کھانا میسر نہیں۔ خود اقوام متحدہ نے متنبہ کیا ہے کہ اگر جلد جنگ بندی نہ ہوئی تو غزہ میں بھوک کی صورتحال انتہائی سنگین ہو جائیگی۔ یو این فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے مطابق غزہ میں پانی کی فراہمی بھی محدود ہے۔ 7 اکتوبر سے قبل جتنا پانی اہل غزہ کو سپلائی کیا جا رہا تھا، اس وقت اس کا محض 7 فیصد پانی ہی فراہم کیا جا رہا ہے۔ غزہ میں جس طرح کی تباہی مچائی گئی اور جنگی اُصولوں کو جس طرح پیروں تلے روندا گیا اس کی تفصیل کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ بزرگوں، خواتین اور بچوں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ خون کے آنسو رُلا دیتا ہے۔ دُنیا اتنی ظالم تو پہلے بھی تھی مگر تب وہ اکیسویں صدی میں نہیں تھی، جمہوریت اور امن کی اتنی باتیں نہیں کرتی تھی۔ آج اکیسویں صدی کی دُنیا وہ سب کچھ کر رہی ہے جو عالمی یوم امن، یوم ترکِ اسلحہ، یوم مادر، یوم اطفال، یوم بزرگاں اور یوم حقوق انسانی منانے سے پہلے کیا کرتی تھی۔ یوم مدر منانے والے غزہ میں دیکھتے رہے کہ ماؤں کی گود سے اُن کے بچے چھین لئے گئے، یوم اطفال منانے والوں کو بچوں پر بمباری گوارا ہوئی، ان کی غیرت نے جھرجھری تک نہیں لی جب اسپتال تہس نہس کئے گئے، یوم بزرگاں منانے والے ٹس سے مس نہیں ہوئے جب بزرگ شہری اسرائیلی سفاکی کا نشانہ بنے۔ اب تک کی جنگ میں کوئی دن نہیں گیا جب غزہ میں حقوق انسانی کی پامالی نہیں ہوئی۔ اسرائیلی فوج غزہ میں غذائی امداد کیلئے قطار میں کھڑے فلسطینیوں پر فائرنگ کر رہے ہیں۔ عالمی عدالت انصاف نے انہی حقائق کو دیکھتے ہوئے فلسطینیوں کی فوری نسل کشی روک کر اسرائیل کو ایک ماہ میں رپورٹ جمع کرانے کی ڈیڈ لائن دی اب دیکھنا یہ ہے کہ اس پر عملدرآمد ہو گا یا نہیں۔ بہر حال نیتن یاہو انتظامیہ نے دوٹوک الفاظ میں یہ دھمکی دی ہے کہ کوئی انہیں ایسا کرنے سے نہیں روک سکتا۔ فلسطینیوں پر ہر گزرتے دن کے ساتھ اسرائیلی مظالم میں خوفناک اضافہ ہو رہا ہے۔ عالمی استعماری قوتوں نے تمام فلسطینی آبادی کو مصر کے زیر انتظام صحرائے سینائی کی طرف دھکیلنے کا منصوبہ تیار کر لیا ہے۔ برما میں کچھ ایسا ہی ہوا تھا کہ قتل عام کے بعد جو مسلمان زندہ بچ گئے تھے انہیں رگید کر بنگلہ دیش پہنچا دیا گیا تھا۔ اب اس کو غزہ میں دہرایا جا رہا ہے۔ یہ شاید انسانی تاریخ میں پہلی بار ہوا کہ دنیا کی گنجان ترین مختصر پٹی پر اتنے بم گرائے گئے ہوں یعنی ہر ڈیڑھ منٹ پر ایک بم گرایا جا رہا ہے اور ہر بم سے ایک عمارت گرائی جا رہی ہے۔ اسرائیل چاہتا ہے کہ حماس کے بہانے سارے فلسطینیوں کو صفحہ ء ہستی سے مٹادے۔ اسرائیل کا غاصبانہ قبضہ اور فلسطینیوں کے خلاف امتیازی سلوک تشدد کے تسلسل کی بنیادی وجوہ ہیں جس کا اقوام متحدہ نے بھی برملا اعتراف کیا لیکن ستم ظریفی یہ ہے کہ ان مظالم کے اعتراف کے باوجود اب تک صرف لفظی مذمت ہی کی گئی جس سے عملی طور پر فلسطینیوں کی کوئی مدد ہوئی نہ ہی کبھی اسرائیل کے حملے رکے ہیں۔ فلسطین میں اسرائیلی مظالم پر جہاں عالمی برادری کی زبانیں خاموش ہیں وہیں سب سے بڑھ کر ستم ظریفی یہ ہے کہ مسلم حکمرانوں پر بھی سکوت کا عالم طاری ہے۔ او آئی سی، عرب لیگ اور دیگر مسلم ممالک کا مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دینے سے ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کرنا بھی افسوسناک امر ہے۔ جبکہ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 55ویں اجلاس میں سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے اسرائیل کی جبری بے گھر ہونے والے لاکھوں فلسطینیوں کی آخری پناہ گاہ رفح پر حملے کی دھمکیوں پر عالمی برادری کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کی کوشش کی ہے۔ وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے سوال اُٹھایا کہ ہم یہاں کن حقوق کی بات کر رہے ہیں جب کہ غزہ راکھ اور ملبے کا ڈھیر بن چکا ہے۔ عالمی برادری اس پر کیسے خاموش رہ سکتی ہے جب کہ غزہ کے لوگ بے گھر اور انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں کا شکار ہیں۔ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کی کونسل کے اجلاس میں سعودی وزیر خارجہ نے بین الاقوامی قراردادوں کے اطلاق میں دوہرے معیار اور پسند و ناپسند رویے کو مسترد کرتے ہوئے اسرائیل کے رفح پر حملے کے تباہ کن اثرات سے خبردار کیا۔ سعودی وزیر خارجہ نے غزہ میں جنگ بندی کے لیے سنجیدہ، منصفانہ اور جامع اقدام کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کرے تاکہ معصوم شہریوں کی حفاظت کی جاسکے۔ چنانچہ اب وقت ہے کہ اسلامی ممالک کے حکمرانوں کو چین اور روس جیسے ممالک جو فلسطینیوں پر ڈھائے جانے والے صیہونی مظالم کی مخالفت کر رہے ہیں کی مکمل حمایت حاصل کرنی چاہیے۔ تاکہ حقیقی معنوں میں اسرائیل کے جبر کا راستہ روکا جاسکے۔ بلاشبہ مسلم دنیا کو مصلحتوں کا لبادہ اتار کر الحادی قوتوں کا میدان عمل میں مقابلہ کرنا ہوگا۔

یوم شہداء کی قوس قزح

اسد اللہ غالب

وہ جو اللہ کی راہ میں مارے گئے، انہیں مردہ نہ کہو، وہ زندہ ہیں مگر تمہیں اس کا شعور نہیں، یہ اللہ کا فرمان ہے۔

افق تا افق خوں رنگ کہکشائیں چمک رہی ہیں۔ گلابی نور کے ہالے نے وطن کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔

پاک فوج شہیدوں کی یاد جب بھی مناتی ہے، تو میری یادوں کی قوس قزح روشن ہو جاتی ہے۔

چھ ستمبر پینسٹھ کی جنگ کے دو روز بعد میں قصور گیا۔ لاری اڈے کے سامنے سڑک کنارے چھوٹا سا ہجوم تھا۔ زمین پر چٹائیاں بچھی تھیں، ان پر گبھرو جوانوں کی لاشیں رکھی تھیں، یوں لگتا تھا کہ وہ کسی کھیت میں کام کرتے کرتے، مٹی سے اٹے ہوئے، دم بھر کے لئے سو گئے ہیں، یہ لاشیں چند روز پرانی تھیں، مگر پوری طرح تر و تازہ۔ کوئی سڑاند نہیں، فضا ایک خوشبو سے لبریز، میں نے شہیدوں کو زندہ شکل میں دیکھ لیا تھا، یہ کھیم کرن کے محاذ پر ڈٹ گئے تھے، بھارت کے اخباروں میں لیڈیں چھپ رہی تھیں کہ پاک فوج قصور کو چھوڑ کر بھاگ گئی، لاہور پر قبضے کی خبریں بھی اچھالی جا رہی تھیں، میرے پاس ان اخبارات کے فوٹو آج بھی ذاتی لائبریری میں موجود ہیں۔ کسی کو یقین نہ آتا ہو تو غریب خانے پر تشریف لے آئے اور آنکھوں سے بھارتی گوئبلز کا جھوٹ دیکھ لے۔ میں نے بعد میں کھیم کرن بھی دیکھا۔ یہ تاریخی قصبہ، پاک فوج کے شہیدوں کے خون کا ورثہ، ایک عرصہ تک پاکستان کے قبضے میں رہا۔

یہ شہید میری سوچ کا انمٹ حصہ بن گئے، کالج کے دنوں میں، میں نے ایک نظم لکھی: اے میرے زندہ مجاہد، اے میرے زندہ شہید، کئی بین الکلیاتی مشاعروں میں اس نظم پر مجھے انعامات ملے۔ اکہتر کی جنگ کو میں نے ایک ایمبیڈڈ اخبار نویس کے طور پر کور کیا، قصر ہند کے معرکے میں پہلے شہید میجر حنیف ملک کے گلے میں گولے کا ایک ٹکڑا لگا، خون کا ایک فوارہ بہہ نکلا لیکن میجر حنیف ملک اپنے جوانوں کا حوصلہ بڑھانے کے لئے نعرہ تکبیر بلند کرتے رہے، ایک لمحہ وہ بھی آیا جب ان کی آواز کٹے ہوئے نرخرے سے نکلتی محسوس ہوئی، میں نے کوشش کی کہ شہید کے جسم سے پھوٹنے والے خون کے پہلے قطرے کی حرارت اپنی تحریر میں سمودوں، مگر یہاں تو ہر طرف شہیدوں کی لاشیں بکھری پڑی تھیں، تھری پنجاب رجمنٹ نے پہلی شہادت اپنے بٹالین کمانڈر کرنل غلام حسین کی پیش کی، دشمن کے مورچے سے مشین گن کا پورا برسٹ ان کے ہیلمٹ کو چھیدتا ہوا آر پار نکل گیا، تھری پنجاب آج جہاں کہیں بھی ہوگی، اس کے ہیڈ کوارٹر میں کرنل غلام حسین شہید کا یہ ہیلمٹ شجاعت کے ایک تمغے کے طور پر موجود ہوگا، میں نے اس ہیلمٹ کا دیدار ڈبل پھاٹک کی تکون میں واقع ایڈوانس ہیڈ کوارٹر میں کیا اور میری نظروں نے اس کو بے ساختہ چوم لیا تھا۔ حسینی والہ بارڈر کو اسی شہید کرنل کے نام سے ہمیشہ کے لئے موسوم کر دیا گیا۔ 47 برس گزر گئے، کرنل غلام حسین چیک پوسٹ پر ہر شام فوجی پریڈ ہوتی ہے اور فضا نعرہ تکبیر سے گونج اٹھتی ہے۔ شہید اور کس طرح زندہ ہوتے ہیں۔ اے میرے زندہ مجاہد، اے میرے زندہ شہید!! تمہیں وطن کی ہوائیں سلام کہتی ہیں۔ اڑ کے پہنچو گے تم جس فلک تک، ساتھ جائے گی آواز میری، اورا یہہ پتر ہٹاں تے نئیں وکدے، توں لبھ دی پھریں بازار کڑے۔ یہ ہیں راہ حق کے شہید، یہ ہیں وفا کی تصویریں!! پاک فوج شہیدوں کی امانت دار ہے، اس نے شہیدوں کی میراث کو ہمیشہ سینے سے لگائے رکھا، اسے حرز جاں بنائے رکھا۔ ہمیشہ شہیدوں کے راستے پر گامزن رہنے کی کوشش کی۔ وطن کو جب بھی کسی بیرونی یا اندرونی جارحیت کا سامنا ہوتا ہے تو پاک فوج کے جوان اور افسر شہادتوں کا گل و گلزار مہکا دیتے ہیں۔ رن آف کچھ کا معرکہ درپیش ہو، سلیمانکی، برکی یا ہڈیارہ کی آزمائشیں ہوں، جسڑ، ظفروال اور شکر گڑھ کے محاذ ہوں یا چھمب، جوڑیاں، کارگل اور سیاچین میں دشمن سے سامنا ہو، ہمارے جوانوں اور افسروں نے دلیری اور شجاعت کے شاہنامے اپنے خون سے تحریر کئے جو تاریخ کے ماتھے کا جھومر بن کر چمکتے رہیں گے۔ میجر طفیل، میجر عزیز بھٹی، میجر سرور اور ان جیسے دیگر جانبازوں نے نشان حیدر کی شاہراہیں روشن کیں، فضاؤں میں اور سمندروں میں دلیر، شیر اور گبھرو، قوم کی آنکھوں کی چمک بن کر زندہ و پائندہ بن گئے۔ سرفراز رفیقی، علاالدین اور سیسل چودھری کے کارنامے ابد تک زندہ و تابندہ رہیں گے، ان کے ذکر پر دلوں کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے، آنکھیں عجز و نیاز سے جھک جاتی ہیں، اور ولولے اور جذبے ہمالہ کی رفعتوں سے ہمکنار ہو جاتے ہیں۔

پاکستان میں ایک المیہ یہ ہوا کہ فوج مارشل لا میں الجھ گئی اور عوام کے ایک طبقے نے اسے نفرت کا نشانہ بنا لیا۔ فوج اور عوام کے درمیان فاصلے بڑھتے چلے گئے، جنرل اشفاق پرویز کیانی نے کمان سنبھالی تو انہیں اس المیے کا پورا احساس تھا، انہوں نے فوج کو سیاست سے دور کرنے کا اعلان کیا، فوج کے شہدا کی یاد منانے کے لئے ہر سال تیس اپریل کا دن مخصوص کر دیا۔ پورے ملک میں شہیدوں کو سلامی پیش کی جاتی ہے، ایک مرکزی تقریب جی ایچ کیو میں ہوتی ہے جہاں جنرل کیانی نے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کیا اور ہر کور ہیڈ کوارٹر میں بھی شہیدوں کی لازوال عظمت کے سامنے جھکے ہوئے سروں کی قطار نمایاں ہے۔ پاک فوج نے اپنے سربراہ کے قول کو نبھا کر دکھا دیا مگر قوم کا ایک حصہ ابھی تک بدگمانیاں پھیلانے میں مصروف ہے۔ اسی لئے کاکول میں پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے جنرل کیانی نے اس نکتے کو نمایاں کیا تھا کہ قوم اور مسلح افواج متحد ہو کر ملک کی سیکورٹی کو یقینی بنا سکتی ہیں۔ فوج نے اس اتحاد میں رخنہ ڈالنے کی کوئی کوشش نہیں کی، نازک اور سنگین لحات میں بھی صبر و تحمل کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا، کئی لوگوں نے اسے بار بار پکارا اور کئی لوگوں نے اسے بار بار للکارا مگر فوج نے اپنے کام سے کام رکھا، اس نے شہیدوں کے لہو کی لاج رکھنے کی کامیاب کوشش کی اور اس کا سہرا بجا طور پر جنرل کیانی کے سر جاتا ہے۔

پچھلے ایک عشرے میں فوج کے مجموعی کردار کی تحسین نہ کی جائے تو یہ ایک ناقابل معافی بخل ہوگا۔ ملک کو اندر اور باہر سے ایک پیچیدہ صورت حال کا سامنا ہے، دشمن نظر نہیں آتا، یہ بے چہرہ ہے، ہماری صفوں کے اندر گھسا ہوا ہے، ہمارے بھیس میں ملبوس ہے، ہماری شکلوں سے ملتا جلتا ہے مگر اس کا ایجنڈہ اس ملک کا نہیں، کسی اور کا ہے۔ وہ ہمیں تباہ کرنے پر تلا ہوا ہے، اس نے ہمارے پچاس ہزار شہریوں کا خون بہا دیا، ان میں آٹھ ہزار فوجی جوان اور افسر بھی شامل ہیں۔ کسی قوم نے اور کسی فوج نے اتنے قلیل عرصے میں اس قدر بیش بہا اور ان گنت قربانیاں پیش نہیں کیں۔ دنیا کی بہترین اور جدید ترین اسلحے سے لیس امریکی اور اتحادی افواج میدان سے پسپائی اختیار کر کے جا رہی ہیں مگر پاک فوج کے پاؤں ڈٹی ہوئی ہے، سرفروشی کی نئی داستانیں رقم کر رہی ہے، اس کے ساتھ قوم بھی ہر روز قربانیاں پیش کر رہی ہے، ملک نئے انتخابات کے مرحلے میں ہے مگر دشمن ان کو سبوتاژ کرنے پر تلا ہوا ہے، ہمیں اس خطرے کا متحد ہو کر سد باب کرنا ہے، ایک ان دیکھے، بے چہرہ، بے نام دشمن کے عزائم کو خاک میں ملانا ہے، ہمارے قومی شہید ہمارے لئے مینارہ نور ہیں، ان کی روشن کردہ کہکشاں پر چلتے ہوئے ہم منزل کو یقینی طور پر پا سکتے ہیں، ان شہیدوں کو سلام، ان کی عظمت اور جرات کو سلام۔ اور انکے سپاہ سالار کو سلام جس نے شہیدوں کی یاد سے وطن کی فضائیں معطر کر دی ہیں۔ اے وطن ہم ہیں تری شمع کے پروانوں میں۔ ان پروانوں پر ہمارے جان و دل نثار!!!

شوبز SHOWBIZ

عالیہ بھٹ کا قیمتی ہار لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گیا

اداکارہ نے حال ہی میں اپنی فلم ’جگرا‘ کی شوٹنگ مکمل کی



لندن (این این آئی) بھارتی سپر اسٹار اداکارہ عالیہ بھٹ کی فنڈ ریزنگ تقریب میں ان کا مہنگا ہار لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ عالیہ بھٹ نے سلام بمبئی فاؤنڈیشن کے تحت لندن میں ہوپ گالا کا انعقاد کیا جس میں غریب بچوں کیلئے فنڈز جمع کیے گئے۔ چیرٹی گالا کی میزبانی کے موقع اداکارہ نے قیمتی جواہرات کا ہار پہنا ہوا تھا جس کی مالیت 20 کروڑ بتائی جاتی ہے۔ عالیہ بھٹ نے اس موقع پر سفید ساڑھی اور گاؤن پہنا ہوا تھا اور وہ اپنے منفرد اسٹائل کی وجہ سے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنی رہیں۔

مہوش حیات کا ریپر یو یو ہنی سنگھ کیساتھ کام کرنے کا اعلان

مہوش حیات زندہ دل خاتون ہیں، مجھے ان سے ملاقات کر کے بہت خوشی ہوئی

کراچی (این این آئی) پاکستان فلم و ڈراما انڈسٹری کی معروف اداکارہ مہوش حیات نے معروف بھارتی میوزک ریپر یو یو ہنی سنگھ کے ساتھ کام کرنے کا اعلان کر دیا۔ مہوش حیات نے سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر اپنی نئی تصویر پوسٹ کی جس میں اُن کے ہمراہ بھارتی میوزک ریپر ہنی سنگھ اور راؤ علی خان موجود ہیں۔ اداکارہ نے ہنی سنگھ کے ساتھ شیئر کی گئی اپنی مشترکہ پوسٹ میں کہا کہ میں نے اپنے دیسی کلاکار کے ساتھ نئے ٹریک ’کلر‘ کے لیے تعاون کیا ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں گانے کی ریلیز کی حتمی تاریخ کا اعلان نہیں کیا۔

فیروز خان کو پسند نہیں کرتا نہ ہی ان سے متعلق بات کرنا چاہتا ہوں

سب جانتے ہیں فیروز خان کس طرح کے انسان ہیں۔ میں انہیں پسند نہیں کرتا، فائق خان

کراچی (این این آئی) اداکار فائق خان کا کہنا ہے کہ فیروز خان کو پسند نہیں کرتا نہ ہی ان سے متعلق بات کرنا چاہتا ہوں۔ نجی چینل کے شو میں انٹرویو دیتے ہوئے اداکار فائق خان نے کہا کہ سب جانتے ہیں فیروز خان کس طرح کے انسان ہیں۔ میں انہیں پسند نہیں کرتا اور نہ ہی ان کے بارے میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ اداکار کا کہنا تھا کہ میں خود کو انڈر ریٹڈ سمجھتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ آج کل انڈسٹری میں ٹیلنٹ کی قدر کے بجائے اقربا پروری ہے۔ آپ جب بہت کچھ برداشت کرتے ہیں تو پھر بڑا سوچنا اور مزید محنت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

میرا لڑکیوں کو مشورہ ہے وہ ملک سے باہر شادی نہ کریں

پاکستان سب سے اچھا ملک ہے، شادی کر کے سکون سے یہاں ہی رہو، صنم جنگ

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی میزبان اور اداکارہ صنم جنگ نے ملک سے باہر شادی کرنے کی خواہش رکھنے والی لڑکیوں کو اہم مشورہ دے دیا۔ حال ہی میں صنم جنگ نے میزبان ندا یاسر کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی ازدواجی زندگی اور پاکستان سے امریکا منتقل ہونے کے بارے میں بات کی۔ اس شو کا ایک ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہا ہے۔ جس میں صنم جنگ کنواری لڑکیوں کو شادی کرنے سے متعلق اہم مشورہ دے رہی ہیں۔ صنم جنگ نے کہا کہ جو لڑکیاں ملک سے باہر شادی کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں، میں اُن کو یہی مشورہ دوں گی۔

مرحوم اداکار ببو برال کے بیٹے کی مالی امداد کیلئے اپیل

ممبئی (این این آئی) پاکستانی اسٹیج ڈراموں، فلموں اور ٹی وی کے ذریعے لاکھوں چہروں پر خوشیاں بکھیرنے والے نامور اداکار ببو برال کے بیٹے نبیل برال نے مالی امداد کے لیے اپیل کی ہے۔ مرحوم اداکار ببو برال کے بیٹے نبیل برال کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ اس ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ نبیل برال کا ایک بازو نہیں اور دونوں ٹانگیں بھی زخمی ہیں۔ انہوں نے ویڈیو میں مالی امداد کی اپیل کرتے ہوئے بتایا کہ میری عمر 30 سال ہے اور میں اپنے گھر کا کمانے والا اکیلا مرد ہوں میرے ساتھ میری والدہ اور دو چھوٹی بہنیں رہتی ہیں۔ نبیل برال نے بتایا کہ میں بہت بیمار ہوں اور سوشل میڈیا پر پہلے بھی ایک امداد کے لیے پوسٹ کی تھی۔

لائبہ خان نے ہمسفر میں پائی جانے والی خصوصیات بتا دیں

خواہش ہے میری جس سے بھی شادی ہو وہ ایک اچھا انسان اور اس کا دل صاف ہو

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ لائبہ خان نے ہمسفر میں پائی جانے والی خصوصیات بتا دیں۔ ایک انٹرویو کے دوران لائبہ خان نے جہاں مختلف موضوعات پر گفتگو کی وہیں انہوں نے اپنے ’مجازی خدا‘ میں پائی جانے والی خصوصیات بارے بھی کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کے دوران ایک سوال کے جواب میں لائبہ خان نے کہا کہ خواہش ہے میری جس سے بھی شادی ہو وہ ایک اچھا انسان اور اس کا دل صاف ہو، وہ دوسروں کے احساس کو جاننے کا فن رکھتا ہو۔ میزبان نے سوال کیا کہ لڑکا ظاہری طور پر کیسا ہونا چاہیے؟

نوال سعید کی دلکش تصاویر نے مداحوں کو گرویدہ بنا لیا

تصاویر کے سوشل میڈیا پر آتے ہی فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچ گیا

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ نوال سعید کی نئی دلکش تصاویر نے مداحوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔ حال ہی میں اداکارہ نوال سعید نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی چند نئی تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں جو دیکھتے ہی دیکھتے وائرل ہو گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں نوال سعید نے سی گرین رنگ کا جوڑا زیب تن کر رکھا ہے جبکہ کھلی زلفوں اور نازک اداؤں کے ساتھ اداکارہ مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گراتی نظر آرہی ہیں۔ تصاویر کے سوشل میڈیا پر آتے ہی فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچ گیا جبکہ اداکارہ نوال سعید کے مداح پوسٹ کے کمنٹ سیکشن میں خوب تعریفیں کر رہے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

دھونی نے ٹی ٹوئنٹی میں اہم سنگ میل عبور کر لیا

ٹی ٹوئنٹی میں وکٹوں کے پیچھے 300 شکار کرنے والے دنیا کے پہلے وکٹ کیپر بن گئے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کپتان اور انڈین پریمیئر لیگ کی فرنچائز چنئی سپر کنگز کے وکٹ کیپر مہندر سنگھ دھونی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ مہندر سنگھ دھونی ٹی ٹوئنٹی میں وکٹوں کے پیچھے 300 شکار کرنے والے دنیا کے پہلے وکٹ کیپر بن گئے ہیں۔ انہوں نے یہ کارنامہ اتوار کو آئی پی ایل میں چنئی سپر کنگز کی نمائندگی کرتے ہوئے دہلی کیپٹلز کے پرتھوی شا کا کیچ پکڑ کر سر انجام دیا۔ دھونی نے اپنے 300 شکار 367 ٹی ٹوئنٹی اننگز میں مکمل کیے، اس فہرست میں دوسرا نمبر پاکستان کے سابق وکٹ کیپر کامران اکمل کا ہے۔

پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کی ناقص پالیسیوں کے اثرات

جیولن تھرور محمد یاسر کے اولمپک گیمز کوالیفکیشن کے امکانات مخدوش ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کی ناقص پالیسیوں اور سیاست کے باعث قومی ایتھلیٹ محمد یاسر سلطان کے پیرس اولمپک گیمز میں کوالیفائی کرنے کے امکانات مخدوش ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے نمبر 2 جیولن تھرو کرنے والے محمد یاسر سلطان کو اولمپک کوالیفکیشن کیلئے تین انٹرنیشنل ایونٹس کی ضرورت ہے لیکن اتھلیٹکس فیڈریشن محمد یاسر بارے اب تک کوئی پلاننگ کرنے میں یکسر ناکام دکھائی دی ہے نا ہی فیڈریشن کی جانب سے انہیں بتایا گیا کہ اولمپک کوالیفائی کرنے کیلئے یاسر کو کن کن ایونٹس میں بھیجا جائے گا۔ جولائی 2023 میں بنکاک میں ہونے والی ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں 79.93 میٹر جیولن تھرو کر کے پاکستان کیلئے برونز میڈل جیتنے والے محمد یاسر ان دنوں لاہور میں ٹریننگ کر رہے ہیں جنہیں جیولن تھرور ارشد ندیم کیساتھ اولمپک گیمز کوالیفائی کرنے کیلئے 30 جون سے قبل 85.50 میٹر کے معیار کو پورا کرنا ہوگا۔

پاکستان ہاکی ٹیم کیلئے غیر ملکی کوچ لانے کا فیصلہ

اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ کے لیے قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ 15 اپریل سے اسلام آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کے لیے غیر ملکی کوچ کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس حوالے سے نیدرلینڈز کے رولنٹ اولٹمنز مضبوط امیدوار ہیں جن کے ساتھ سپورٹ اسٹاف میں ملکی کوچ شامل ہوں گے۔ اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ کے لیے قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ 15 اپریل سے اسلام آباد میں شروع ہوگا جس کے لیے ممکنہ کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر طارق بگٹی نے کہا کہ جدید دور کی ہاکی کے ساتھ چلنے کے لیے غیر ملکی کوچ کی ضرورت ہے، ہاکی بدل چکی، غیر ملکی کوچز ہی ٹیم کی کارکردگی میں نکھار لا سکتے ہیں۔ طارق بگٹی نے کہا کہ 2 سالوں میں پاکستان ٹیم کو دنیا کی 6 بہترین ٹیموں میں دیکھنا چاہتا ہوں، پاکستان کی ٹیم تمام ایونٹس میں شرکت کیا کرے گی، طویل کیمپ لگائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عید کے بعد وزیر اعظم سے ملاقات کر کے ہاکی کے مسائل پر بات کروں گا۔

شاہین سمیت بعض کھلاڑی کچھ میچز میں آرام کرینگے

نیوزی لینڈ سے سیریز میں روٹیشن پالیسی اپنانے کا فیصلہ



اسلام آباد (این این آئی) نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم سیریز میں روٹیشن پالیسی اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق روٹیشن پالیسی کے تحت فاسٹ بولر شاہین آفریدی سمیت کچھ کھلاڑی تمام میچز میں شرکت نہیں کریں گے، سلیکشن کمیٹی قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم سے اس حوالے سے مشاورت کرے گی۔ واضح رہے کہ رواں ماہ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم 5 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے لیے پاکستان پہنچ رہی ہے اور سیریز کا آغاز 18 اپریل سے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق 5 میچز کی سیریز کے لیے 17 سے 18 کھلاڑیوں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

مچل اسٹارک کولکتہ نائٹ رائیڈرز کو مہنگے پڑ گئے

کولکتہ (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ میں سب سے مہنگے بکنے والے آسٹریلوی فاسٹ بولر مچل اسٹارک رنز دینے کے اعتبار سے بھی سب سے مہنگے ثابت ہوئے۔ کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے اسٹارک کو 44 لاکھ 30 ہزار آسٹریلوی ڈالرز میں خریدا، ان کی ایک بال کا معاوضہ 13 ہزار ڈالرز سے زائد بنتا ہے لیکن اب تک دو میچز میں 100 رنز دے چکے اور کوئی وکٹ حاصل نہیں کی۔ مچل اسٹارک نے بھارت میں ہونے والے ورلڈ کپ میں بہترین کارکردگی دکھائی، تین وکٹیں حاصل کر کے آسٹریلیا کی فتح میں نمایاں کردار ادا کیا۔ موجودہ آئی پی ایل آکشن میں وہ سب سے مہنگے کھلاڑی بنے، انہیں 24 کروڑ 75 لاکھ بھارتی روپوں میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے خریدا، اگر صرف آسٹریلوی ڈالرز میں حساب لگایا جائے۔

مجھے زہر دیا گیا، دوبارہ کرکٹ کھیلنے کی ٹھان لی ہے، عمران نذیر

کرکٹ کھیلنے کے لیے فٹ ہونا بہت ضروری ہے، پاکستانی کرکٹر کی گفتگو

کراچی (این این آئی) کرکٹر عمران نذیر نے کہا ہے کہ مجھے زہر دیا گیا تاہم اب دوبارہ کرکٹ کھیلنے کی ٹھان لی ہے۔ عمران نذیر نے اپنے ٹریننگ سیشن کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے دوبارہ کرکٹ کی طرف واپس آنے کا فیصلہ کیا ہے، کرکٹ کھیلنے کے لیے فٹ ہونا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اگر فٹنس لیول حاصل کرتا ہوں تو کیوں اعلیٰ سطح پر کرکٹ نہیں کھیل سکتا، میں چونکہ بہت عرصہ کرکٹ سے باہر رہا ہوں اس لیے مجھے فٹنس کے لیے تھوڑا وقت لگے گا۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی کاکول کیمپ میں بھرپور فیزیکل ٹریننگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں نے کاکول کیمپ میں بھرپور فیزیکل ٹریننگ میں حصہ لیا۔ افواج پاکستان کے جوانوں کی سرپرستی میں قومی کرکٹرز کا فیزیکل ٹریننگ کیمپ آرمی اسکول آف فیزیکل ٹریننگ سینٹر ایبٹ آباد میں جاری ہے۔ کیمپ میں کھلاڑیوں نے فیزیکل ٹریننگ کی۔ ریمپ پر فیزیکل ٹریننگ اور رننگ کے ساتھ ساتھ کھلاڑی مختلف کھیلوں میں بھی مشغول رہے۔

کھیل پر فوکس رکھیں، گروپ بندی نہیں ہونی چاہیے: محسن نقوی

ٹیم میں کسی قسم کی گروپ بندی نہیں ہونی چاہیے، سب کو ایک ٹیم ہو کر کھیلنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے کھلاڑیوں کو کھیل پر فوکس رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیم میں کسی قسم کی گروپ بندی نہیں ہونی چاہیے، سب کو ایک ٹیم ہو کر کھیلنا ہوگا۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی نے کھلاڑیوں سے جاری فٹنس کیمپ اور آنے والی سیریز پر گفتگو کی۔ محسن نقوی نے تمام کھلاڑیوں کو کھیل پر اپنا فوکس رکھنے کی ہدایت کی۔ چیئرمین پی سی بی نے ہدایت کی کہ ٹیم میں کسی قسم کی گروپ بندی نہیں ہونی چاہیے، سب کو ایک ٹیم ہو کر کھیلنا ہوگا۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی نے کہا کہ کھلاڑیوں کی اسکلز بڑھانے کے لیے غیر ملکی کوچز کی خدمات حاصل کر رہے ہیں، 2 غیر ملکی کوچز سے معاملات طے پا گئے ہیں۔

بقیہ 1

جس میں ریپ اور بچوں پر ظلم زیادتی کی مقدمات کا تیز ترین ٹرائل کرکے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ دوران اجلاس کابینہ ارکان کو ہتک عزت کے قانون میں ترمیم اور سپیشل کورٹس قائم کرنے پر بریفنگ دی گئی، ہتک عزت کیس میں 90 دن میں ڈگری اور 180 دن میں ٹرائل ختم کرنا ہوگا، اس حوالے سے بل منظوری کے لئے جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائیگا۔ اس موقع پر وزیراعلی پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ جھوٹ بولنے اور جھوٹے الزامات کے کلچر کو بدلنا ہوگا، بل منظور ہونے پر ہتک عزت نوٹس بڑے اخبارات، سوشل میڈیا، کوریئر کے ذریعے دیا جاسکے گا۔ اجلاس میں کابینہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے قانونی امور کی تشکیل کی توثیق کردی گئی جبکہ صوبائی کابینہ نے آلٹرنیٹ ڈس پیوٹ ریزولوشن ایکٹ 2019 میں ترامیم کی منظوری دی، اجلاس میں چیئرمین ڈرگ کورٹ گوجرانوالہ کو مس کنڈکٹ کی شکایت پر ہٹانے کی منظوری بھی دے دی گئی۔ دوران اجلاس پنجاب کابینہ نے گندم کی کم ازکم امدادی قیمت مقرر کردی، صوبائی کابینہ نے گندم کی امدادی قیمت 3900 روپے فی من مقرر کرنے کی منظوری دے دی۔ اس موقع پر وزیراعلی پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ چھوٹے کاشتکار کے مفادات کا تحفظ ہر صورت یقینی بنانا میرا عزم ہے، چھوٹے کاشتکاروں کو زرعی مداخل کے لئے ڈیڑھ لاکھ روپے تک بلاسود قرضے دیں گے، پاکستان کی تاریخ کا سب سے بہترین اور تاریخی کسان کارڈ دے رہے ہیں۔ پنجاب کابینہ نے گندم خریداری پالیسی 2024-25 کی منظوری بھی دے دی۔

بقیہ 2

سے پہلے شیشہ دیکھ لیا کریں۔

بقیہ 3

رجسٹرڈ ادویات برآمد کرلی گئیں۔ ایف آئی اے کے مطابق کہوٹہ روڈ اسلام آباد میں واقع لیب میں چھاپہ مار کاروائی کی گئی چھاپے کے دوران چھاپے کے دوران بڑی مقدار میں غیر رجسٹرڈ اور جعلی ویٹرنری ادویات برآمد ہوئیں چھاپہ مار کاروائی میں ڈسٹرکٹ ڈرگ انسپکٹر اور دیگر ڈریپ حکام بھی شامل تھے کارروائی کے دوران جعلی غیر رجسٹرڈ اور ممنوعہ ادویات کو ڈرگ انسپکٹر کی موجودگی میں قبضے میں لے لیا گیا برآمد ہونے والی ادویات جانوروں کی صحت کی لئے انتہائی نقصان دہ تھیں مذکورہ ادویات کو ڈریپ حکام کے حوالے کردیا گیا ملزمان کے خلاف انکوائری درج کرکے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈریپ حکام کی رپورٹ کی روشنی میں ملزمان کے خلاف مزید قانونی کاروائی عمل میں لائی جائی گی۔ اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے رواں ماہ کے دوران غیر رجسٹرڈ ادویات کی فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف 6 چھاپہ مار کاروائیاں کیں۔ ترجمان ایف آئی اے کا مزید کہنا تھا کہ جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کاروائیوں کا آغاز کردیا گیا ہے ملزمان کی گرفتاری کے لئے خصوصی چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں چھاپہ مار ٹیمیں ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان کے ساتھ مشترکہ کاروائیاں کررہی ہیں کسی شخص کو بھی معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں ہے ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 4

کا اس مہم میں آئیسکو کو مکمل تعاون میسر ہے۔ تفصیلات کے مطابق ماہ مارچ 2024 میں آئیسکو ڈیٹیکشن ٹیموں نے 1 لاکھ 46 ہزار سے زائد میٹرز چیک کیے، 318 میٹرز سے بجلی کی ڈائریکٹ سپلائی لی جارہی تھی جبکہ 37 میٹرز ٹمپرڈ پائے گئے۔ بجلی چوری کرنے پر متعلقہ صارفین کو 2 کروڑ 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ بجلی چوروں کے خلاف 147 ایف آئی آرز رجسٹرڈ کروائی گئی اور 86 بجلی چوروں کو پولیس نے گرفتار کیا۔ آئیسکو چیف ڈاکٹر محمد امجد خان نے تمام فیلڈ افسران کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ اس قومی مہم میں کسی قسم کی کوتاہی اور تاخیر بالکل قبول نہیں کی جائے گی اور اگر آئیسکو کا کوئی بھی آفیسر یا سٹاف بجلی چوری کی سہولت کاری کرتے پکڑا گیا تو نوکری سے برخاست کرنے کے علاوہ اس کے خلاف قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 5

بھاشا ڈیم کے جنرل مینیجر نزاکت حسین نے تصدیق کی کہ چینی کمپنی نے ڈیم پر دوبارہ کام شروع کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 350 چینی شہریوں کام شروع کردیا ہے جبکہ چھ ہزار مقامی عملہ پہلے ہی ڈیم پر کام کررہا ہے۔ داسو ڈیم انجینئرز کی بس پر خودکش حملے میں 5 چینی شہریوں کی ہلاکت کے بعد چینی کمپنی نے کام روک دیا۔ دیامر بھاشا ڈیم خیبر پختونخوا کے ضلع کوہستان اور گلگت بلتستان کے ضلع دیامر کے درمیان دریائے سندھ پر تعمیر کیا جارہا ہے۔ 13 مئی 2020 کو، پاکستانی حکومت نے ڈیم کی تعمیر کے لیے چائنا پاور اور فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (FWO) کے جوائنٹ وینچر کے ساتھ 442 ارب روپے کے معاہدے پر دستخط کیئے تھے۔

بقیہ 6

اور کاروباری روابط کو مزید مضبوط کرنے کے خواہاں ہیں۔ وہ متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم سالم الزابی سے ملاقات کے دوران گفتگو کررہے تھے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، مختلف شعبہ جات میں تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ متحدہ عرب امارات کے سفیر نے بشام میں دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان مشترکہ ورثے اور کثیر جہتی تعاون پر مبنی تعلقات استوار ہیں، پاکستان کے عوام متحدہ عرب امارات کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایمریٹس ائیر لائن کی پہلی پرواز پی آئی اے کے پائلٹ نے اڑائی جو دونوں ممالک کے درمیان تعاون کی اعلی مثال ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عزت مآب مرحوم شیخ زید کے پاکستان کی قیادت اور عوام کے ساتھ انتہائی قریبی تعلقات تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے یو اے ای کے سفیر کو حکومت کے معاشی اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر میں ٹیکس اصلاحات لائی جا رہی ہیں جبکہ معاشی شعبہ میں ڈیجیٹلائزیشن کیلئے کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے مطابق تجارت اور کاروباری روابط کو مزید مضبوط کرنے کے خواہاں ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے معیشت کی بہتری کے لئے مشترکہ روڈ میپ تشکیل دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ یو اے ای کے سفیر حماد عبید ابراہیم الزابی نے کہا کہ دونوں ممالک کی قیادت کے وژن کے مطابق دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر یقین رکھتے ہیں۔ یو اے ای نے ہمیشہ مشکل وقت میں پاکستان کی مدد کی، پاکستان کی معاشی ترقی کے لئے اس کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے متحدہ عرب امارات کی ترقی اور تبدیلی کے لئے متحدہ عرب امارات کی قیادت کے وژن اور کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 7

کیئر خواجہ عمران نذیر نے مقامی ہوٹل میں منعقدہ بینظیر نشوونما پروگرام کی لانچنگ تقریب کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے بینظیر نشوونما سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ پروگرام کی تقریب میں ڈی جی ہیلتھ سروسز ڈاکٹر الیاس گوندل، پروگرام ڈائریکٹر IRMNCH ڈاکٹر خلیل، ورلڈ فوڈ پروگرام کے صوبائی سربراہ ڈاکٹر عمارہ خان، یوسف پنجاب سے میڈم صباحت، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن سے ڈاکٹر یحییٰ گلزار سمیت سوشل میڈیا موبلائزرز کی بھاری تعداد موجود تھی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کے 26 اضلاع کے سرکاری ہسپتالوں میں نشوونما سنٹرز قائم کئے جارہے ہیں جہاں بچوں کو مائیکرونیوٹریشن سپلیمنٹس مفت فراہم کئے جائیں گے۔ صوبائی وبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ بچوں کی غزائیت، نشوونما کے لئے ابتدائی 1000 دن نہایت اہمیت کے حامل ہیں، ہم اپنے سماجی رویوں کے ذریعے بچوں کی صحت وزندگی پر بہتر اثرات مرتب کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی صحت، اور غذائیت ے حوالہ سے والدین کو بھرپور آگہی کی ضرورت ہے۔ ان سنٹرز کے قیام سے انہیں مکمل آگہی حاصل ہوسکے گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا ہے کہ پنجاب میں بچوں کی بھرپور غذائیت اور تربیت فراہم کرکے ایک صحتمند قوم کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی صحت، زندگی کے تحفظ کے لئے پریوینٹو پروگرام کو فعال کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے ذریعے ہیلتھ سسٹم کو ریو ہمپ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی کام شروع کیا جائے تو وہ رک جاتا ہے، پالیسی میں تسلسل کا نہ ہونا اصل رکاوٹ ہے، خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ گزشتہ حکومت نے کرپشن کے ذریعے ہیلتھ سسٹم تباہ کردیا، پوسٹنگ کے لئے بھاری رقوم لی جاتی رہیں، صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ نیشنل نیوٹریشن ٹاسک فورس، سٹیک ہولڈرز اور میڈیا سے ملکر بچوں کی صحتمند زندگی پر سفارشات تیار کریں گے اور ان سفارشات کو کریکولم کا حصہ بنایا جائے گا، خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ ہمارے ڈونرز، پارٹنرز کو ہمارے بچوں کا خیال ہے، ہمیں خود اپنے بچوں کی زندگیوں کا سوچنا ہوگا۔ نشوونما پروگرام کی تقریب سے پارٹنرز کے نمائندوں، ڈی جی ہیلتھ سروسز اور پی ڈی آئی آر ایم این سی ایچ نے خطاب کیا۔ بعدازاں صوبائی وزیر صحت نے ان میں شیلڈز تقسیم کیں۔

بقیہ 8

ہوا جس میں صوبہ بھر میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سسٹم آؤٹ سورس کرنے کیلئے مجوزہ معاہدے کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹرانسفر سٹیشن پر نامیاتی، غیر نامیاتی، آئرن اور پلاسٹک ویسٹ کی چھانٹی کی جائیگی، صوبے کے تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز پر 23 لینڈ فل سائٹس اور 66 ٹرانسفر سٹیشن بنائے جائیں گے۔ وزیراعلی پنجاب نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سسٹم کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا نظام نافذ کرنے کی منظوری دیتے ہوئے فنانشل شیئر اور سبسڈی لینے والی واسا کمپنیوں کی کارکردگی کا تجزیہ کرنے کی ہدایت کی، وزیراعلی نے صوبائی وزیر ذیشان رفیق کو سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی آؤٹ سورسنگ میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ کا بھی حکم دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ سڑکوں اور بازاروں میں کوڑا کرکٹ نہیں نظر آنا چاہیے، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی کوڑا کرکٹ اٹھانے والی گاڑیوں کو بھی صاف ستھرا رکھا جائے، صفائی کے احکامات پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 9

سے آگاہ کیا۔ چیف آف آرمی اسٹاف نے ملاقات میں روایتی خطرات کے خلاف آپریشنل تیاریوں پر بھی روشنی ڈالی۔ چیف آف آرمی اسٹاف نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے علاقوں سمیت ترقیاتی منصوبوں میں فوج کے کردار بارے بھی آگاہ کیا۔ ملاقات میں صدر مملکت نے پاکستان کی مسلح افواج کے مثالی کردار کو سراہا۔ صدر مملکت نے کہا کہ ریاست کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ میں فوج کی خدمات کلیدی حیثیت کی حامل رہی ہیں۔ صدر مملکت نے متاثرہ علاقوں کی سماجی ترقی کے لیے فوج کی کوششوں کو بھی سراہا۔ صدر مملکت نے قومی ترقی کی جانب پاک فوج کے غیر متزلزل عزم کو بھی اجاگر کیا۔ صدر مملکت نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ صدر مملکت نے قومی طاقت کے تمام عناصر کے ذریعے دہشت گردی کا بھرپور جواب دینے کے قومی عزم کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے ایک مخصوص سیاسی جماعت اور اس کے چند افراد کی جانب سے ادارے اور اسکی قیادت کے خلاف محدود سیاسی مفادات کے حصول کیلئے لگائے گئے بے بنیاد اور بلاجواز الزامات پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے رخنہ ڈالنے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے عزم کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے قوم کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ شہداء کا خون ہمیشہ پاکستانی قوم کی استقامت اور طاقت کی علامت رہے گا۔ صدر مملکت نے شہداء اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ صدر مملکت نے شہداء اور ان کے خاندانوں کی عزت وتکریم کیلئے قوم کے غیر متزلزل عزم کا بھی اعادہ کیا۔ ملاقات میں پاکستان میں امن، سلامتی اور ترقی کی اقدار برقرار رکھنے کیلئے یکجہتی اور عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

بقیہ 10

کردیا ہے۔ کمیٹی میں اراکین اسمبلی، اراکین سینٹ، متعلقہ ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، سی ای او ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اور وفاقی اور صوبائی سرکاری محکموں کے نمائندے شامل ہوں گے جبکہ ڈپٹی کمشنر کمیٹی کا سیکرٹری ہوگا۔ فیصلے کے مطابق کمیٹی پولیس سمیت دیگر محکموں کے متعلق شکایت کا نوٹس لے گی، کمیٹی ضلع میں قیام امن یقینی بنانے کے لئے بھی اقدامات کرے گی، کمیٹی ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، عوام کو فراہم کردہ ریلیف کی حکومتی اقدامات پر عملدرآمد اور سرکاری محکموں کی کارکردگی کی نگرانی کرے گی۔

بقیہ 11

دیدیا۔ سکول انفارمیشن سسٹم پر اساتذہ کا آن لائن ڈیٹا اضلاع کی سطح پر درست کیا جائے گا۔ ضلع لاہور کے اساتذہ کا ڈیٹا 23 اپریل، ڈیرہ غازی خان اور فیصل آباد کے اساتذہ کے کوائف میں درستگی 16 اپریل، حافظ آباد اور جھنگ کیا ساتذہ کا ڈیٹا 18 اپریل، ملتان اور میانوالی میں اساتذہ کے کوائف 25 اپریل، ساہیوال اور سرگودھا میں ڈیٹا 3 مئی، 7 مئی کو ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی میں ڈیٹا تصحیح کی جائے گی۔ ڈائریکٹر مانیٹرنگ ملک غلام فرید نے کوائف میں درستگی کیلئے تمام ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری کردیں۔

بقیہ 12

سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ دھاندلی سے بننے والے ایم پی ایز سینیٹ کے ووٹر نے اس سے بڑی دھاندلی اور کیا ہوسکتی، یاد رکھیں ظلم کی یہ رات جلد ختم ہونے والی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2 پی ٹی آئی خواتین کی میانوالی منتقلی کی مذمت کرتی ہوں، عالیہ حمزہ اور صنم جاوید کو جب سارے مقدمات میں ضمانت مل گئی تب میانوالی مقدمات میں لے گئے، سن لو ہم اب بھی ڈٹ کر کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے 6 ججز کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، 6 ججز کے خط کی کاروائی کی اب پورے ملک کو دکھائی جائے۔

بقیہ 13

فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ ٹماٹر 52 فیصد، پیاز 28 فیصد، آلو 24 فیصد تک مہنگے ہوئے۔ فروٹ 22 فیصد، سبزیاں 13 فیصد، گوشت 4 فیصد، دال مونگ 2 فیصد مہنگے ہوئے۔ مشروبات، تیار خوراک، چینی، مصالحے، بیسن کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا۔ گزشتہ ماہ بجلی 5.11 فیصد، ٹیلر فیس 3.13 فیصد، گارمنٹس 2.22 فیصد مہنگے ہوئے۔ موٹر فیول اور ادویات کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ مارچ میں چکن، کوکنگ آئل، انڈے، گندم، آٹا، گھی، بیکری، خشک میوے سستے ہوئے۔

بقیہ 14

شفاف انتخابات کے بعد جمہوریت کی بحالی پر اتفاق ہوا۔ اعلامیہ میں مزید کہا گیا اپوزیشن جماعتوں کا عدلیہ کی آزادی، سویلین اداروں کی بالادستی پر اتفاق ہوا، نظام جمہوریت اور سیاست مداخلت کی وجہ سے مفلوج ہوچکی ہے، غیر آئینی بالادست سیاسی کردار کی وجہ سے عوام اور ریاست میں فاصلے پیدا ہوچکے ہیں۔ جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا سیاسی قیادت نے آئین و جمہوریت کی بحالی کیلئے کردار ادا نہ کیا تو ملک کے مستقبل کو خطرات ہوں گے، اپوزیشن جماعتوں نے بانی پی ٹی آئی سمیت سیاسی ورکروں کی غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا، آئین کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا۔ اپوزیشن جماعتوں نے 8 فروری کے انتخابی نتائج کو مسترد کردیا، اپوزیشن اتحاد نے مطالبہ کیا کہ ملک میں فی الفور نئے صاف شفاف منصفانہ انتخابات کرائے جائیں، انتخابی اصلاحات کی جائیں جن میں اسٹیبلشمنٹ کا کوئی کردار نہ ہو۔

بقیہ 15

بھاری مقدار میں اعلی کوالٹی کی چرس برآمد کرکے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی ہے۔ گوادر کے نشیبی علاقے کے راستے منشیات اسمگلنگ کی مصدقہ اطلاعات موصول ہونے پر سرچ ٹیم تشکیل دی گئی، جس نے آپریشن کے دوران شرابی ٹریک کے علاقے میں سمندر کنارے کشتی کے ذریعے چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنائی۔ کارروائی کے دوران کرسٹ گارڈز کی سرچ ٹیم کو دیکھ کر اسمگلرات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کشتی اور منشیات چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ کارروائی میں 164 کلوگرام اعلی کوالٹی کی چرس برآمد کرکے قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 16

نقوی کی ہدایات پر انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، جاری کاروائیوں میں انسانی سمگلنگ اور ویزہ فراڈ میں ملوث 3 ملزمان محمد اسامہ، مرزا حسین بیگ اور غلام فرید کو لاہور کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم محمد اسامہ نے معصوم شہری کو کینیڈا ملازمت کا جھانسہ دے کر 30 لاکھ روپے ہتھیائے۔ ملزم مرزا حسین نے معصوم شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کے لیے لاکھوں روپے بٹورے، چھاپے کے دوران ملزم سے 5 پاسپورٹ برآمد ہوئے جبکہ ملزم غلام فرید ٹیکنیکل سینٹر کی آڑ میں انسانی سمگلنگ میں ملوث تھا، ملزم معصوم شہریوں کو بغیر لائسنس غیر قانونی طور پر بیرون ملک بھجوانے میں ملوث پایا گیا۔ چھاپے کے دوران ملزم سے 8 پاکستانی پاسپورٹ بھی برآمد ہوئے۔ ملزمان کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کردیا گیا۔

بقیہ 17

مشکوک خطوط موصول ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں سائفر کیس کی سماعت کے دوران موصول دھمکی آمیز خطوط کے معاملہ پر ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) آپریشنز شہزاد بخاری عدالت میں پیش ہوئے، سینیئر سپرنٹنڈنٹ پولیس سی ٹی ڈی ہمایوں حمزہ بھی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ ڈی آئی جی نے بتایا کہ ابھی تک کسی کے پاس انسپکٹر جنرل کا قتل چارج نہیں ہے، اس لیے اسلام آباد پولیس کے تمام آپریشنز دیکھ رہا ہوں، کیمیکل معائنے کے لیے نمونے بھجوا دیے ہیں، تین سے چار دن میں رپورٹ آ جائے گی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کہاں سے خطوط پوسٹ کیا گیا؟ ڈی آئی جی نے بتایا کہ اسٹیمپ نہیں پڑھی جا رہی ہے، لاہور ہائی کورٹ کے ججز کو بھی اسی نام سے خطوط ملے ہیں۔ اس پر وکیل عمران خان نے کہا کہ سلمان صفدر نے کہا کہ انہیں ہر صورت ریشما کو ڈھونڈنا چاہیے۔ اس پر چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ آپ ابھی اسٹیمپ کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں، کیا تمام خطوط ایک ہی ڈاک خانے سے آئے ہیں؟ ڈی آئی جی پولیس نے بتایا کہ خطوط پر اسٹیمپ مدھم ہے مگر راولپنڈی کی اسٹیمپ پڑھی جا رہی ہے، عدالت نے دریافت کیا کہ آپ دونوں افسران نے خطوط کے لفافے دیکھے ہیں؟ ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے جواب دیا کہ بظاہر راولپنڈی جنرل پوسٹ آفس لگ رہا ہے، جی پی او میں پوسٹ کیا گیا، ہم اس لیٹر باکس میں ڈالا گیا ہے، ہم لیٹر باکس کی سی سی ٹی وی اور ایریا کی معلومات لے رہے ہیں، اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق تحقیقات کے لیے کمیٹی بھی تشکیل دی ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے دریافت کیا کہ آپ نے مقدمہ درج کیا، اب تک کیا پیشرفت کی ہے؟ ڈپٹی انسپکٹر جنرل نے بتایا کہ ہم نے نمونے لیب کو بھجوا دیے ہیں اور ڈائریکٹر سے میری بات بھی ہوئی ہے، پولیس نے کہ انکشاف کیا کہ سپریم کورٹ کے ججز کو بھی خطوط ملے ہیں۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل نے کہا کہ سپریم کورٹ کے 4 ججز کو بھی اسی طرح کے خطوط ملے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد ہائی کورٹ کے 8 ججوں کو پاؤڈر بھرے مشکوک خطوط موصول ہوئے تھے جس میں ڈرانے دھمکانے والا نشان موجود ہے۔ عدالتی ذرائع نے بتایا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کو مشکوک خطوط موصول ہوا جس پر اسلام آباد ہائی کورٹ انتظامیہ نے دہشتگردی کی دفعات کے تحت ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیا۔ بعد ازاں لاہور ہائی کورٹ کے 4 ججز کو بھی دھمکی آمیز خطوط موصول ہونے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق دھمکی آمیز خطوط جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس عابد عزیز شیخ اور جسٹس عالیہ نیلم کے نام بھجوائے گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ دھمکی آمیز خطوط کو رجسٹرار کمپنی کے ملازم نے وصول کیا، جسے حراست میں لے لیا گیا ہے۔ مشکوک خطوط موصول ہونے کے بعد لاہور ہائی کورٹ میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کردی گئی ہے، پولیس فورس احاطہ عدالت میں موجود ہے، محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) حکام لاہور ہائی کورٹ پہنچ گئے ہیں۔

بقیہ 18

سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ سیکیورٹی ایجنسیز کی رپورٹ پر ایکس بند کیا گیا ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ کوئی لکھت پڑھت بھی تو بتائیں، پڑھ کر بتائیں، کیا وجہ بتائی ہے؟ تفصیلات لے کر آئیں، کس سرکلر کے تحت بند کیا؟ عدالت کی معاونت کریں۔ کیا آپ بتائیں گے؟ نہ فائل لائے نہ کچھ، آپ بتادیں میں کیا وجہ لکھواؤں؟ انہوں نے ریمارکس دیے کہ ہر چیز جام کی ہوئی ہے، سب کچھ بند ہوا ہے، کیا سیکرٹری کو بلاؤں؟ جوائنٹ سیکرٹری صاحب زبانی نہیں، ہر چیز لکھ کر دیں، کیا تحریری ہے، ڈاکومنٹس دکھائیں، زبانی کلامی بات نہیں ہوگی۔ جوائنٹ سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ انٹرنیٹ پر ملکی سلامتی کو خطرہ ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ یہ کہہ دیں تقریر نہیں کرنی مجھے وجوہات بتائیں، تقریر میں آپ سے زیادہ کرلیتا ہوں، یہ کیا ہے، اس رپورٹ سے تو بہتر رپورٹ میرا اسٹینو تیار کرلیتا، میں ایسے نہیں سنوں گا۔ جوائنٹ سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ دوسرا صفحہ دیکھ لیں۔ عدالت نے سوال کیا کہ کوئی طریقہ ہے کورٹ میں پیش ہونے کا، کیا آپ پہلی بار پیش ہوئے ہیں؟ جوائنٹ سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ رپورٹ میں ہے کہ ملکی سلامتی کے خلاف کونٹینٹ اپلوڈ کیا جاتا ہے، اس لیے بند کیا گیا ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ کوئی ثبوت بھی تو ہوگا، آپ کی کوئی رپورٹ ہے کہ آپ نے ایکس بند کردیا، یہاں کون سی رپورٹ لکھی ہوئیں، صرف قیاس پر مبنی رپورٹ ہے، آج ہم کیوں سن رہے ہیں، پچھلے ہفتے ہوچکی ہیں یہ باتیں، سیکرٹری داخلہ کو بلالیں ان کے بس کی بات نہیں، اس سے متعلق دوسری عدالتوں کے فیصلے ہیں تو وہ بھی جمع کرادیں۔ انہوں نے ریمارکس دیئے کہ جو باتیں دوسری عدالت میں کی گئیں وہ یہاں نہ کریں، کیا کروں؟ کیا لکھواؤں کہ سرکار تھکی ہوئی ہے، کام نہیں کرسکتی، آپ صرف منتیں ترلے کررہے ہیں، چیز کوئی نہیں آپ کے پاس، ہر ادارے میں بدنیتی ہے، کیا کہوں، سیکرٹری داخلہ کو بلاؤں گا تب ہی کچھ ہوگا۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ دیکھتے ہیں دیگر عدالتوں میں بھی کیس ہے کون پہلے کھلواتا ہے، دیکھتے ہیں کون سے عدالت پہلے فیصلہ کرتی ہے۔ جوائنٹ سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ انٹرنیٹ اور ایکس پر اپلوڈ مواد سے ملکی امن کو خطرہ ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ کیا قومی خطرہ ہے اس سے متعلق وجوہات اور ثبوت تحریری پیش کریں، آئندہ ساعت پر سیکرٹری داخلہ پیش ہوں اور ایکس بندش کی وجوہات سے آگاہ کریں، مفروضوں پر مبنی رپورٹ پیش نہ کی جائے، قومی سلامتی کو بھی خطرہ ہو تو ٹھوس ثبوت وجوہات عدالت کو بتائیں۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے ریمارکس دیے کہ الیکشن ہوگیا بس ختم کریں ناں اب، سیکرٹری داخلہ کو آنے دیں پھر دیکھیں گے، سیکرٹری داخلہ نے نہ ہوا تو وزیراعظم کو بلالوں گا۔ جوائنٹ سیکرٹری داخلہ نے استدعا کی کہ ایک موقع دے دیں، اعلی حکام کو نہ بلائیں، عدالت ایک موقع دے، اس پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے ریمارکس دیے کہ کیا کریں کوئی چیز تو آپ لائے نہیں ہیں۔ دریں اثنا اسلام آباد ہائی کورٹ نے آئندہ ساعت پر سیکرٹری داخلہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے کیس کی مزید ساعت 17 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ 19

اور ترقی میں دلچسپی لینے پرنجی اور سرکاری شعبے کے کردار کو سراہا چیئرمین نے کسانوں کی پیداواری صلاحیت اور منافع میں اضافے کے لیے معیاری بیج کی اہمیت پرزور دیا پاکستان میں چاول کے کسانوں کو معیاری بیج کی دستیابی کے لیے تحقیقی اداروں اور سیڈ کمپنیوں کے کردار کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں پی اے آر سی میں پلانٹ سائنسز ڈویژن کے ممبر ڈاکٹر امتیاز حسین نے باقاعدہ وائی ایویلیوایشن کی صدارت کی نیشنل کوآرڈینیٹر نے کمیٹی کے تمام اراکین کو چاول کی ہائبرڈز/ اقسام کے لیے اڑتیس تجاویز کا جائزہ پیش کیا اجلاس میں وزارت غذائی تحفظ و تحقیق، فیڈرل سیڈ سرٹیفیکیشن، قومی اور ملٹی نیشنل سیڈ کمپنیوں کے نمائندوں کی بھی شرکت وفاقی اور صوبائی تحقیقاتی اداروں کے سائنسدانوں نے بھی شرکت کی کمیٹی نے پاکستان میں کاشت کے لیے زیادہ پیداوار دینے والے نجی بیج کمپنیوں کی نئی 8 ورائٹیز کی سفارش کردی پی اے آر سی کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف جینومکس اینڈ بائیوٹیکنالوجی نے چاول کی چار اعلی پیداواری اقسام بھی پیش کیں ان اقسام سے 23 سے 24 فیصد زیادہ پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے کمیٹی نے پاکستان میں کاشت کے لیے ان اقسام کی بھی توثیق کی ورائٹی ایویلیوایشن کمیٹی نے سوائل سلینیٹی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ نے چاول کی مزید چار مخلوط اقسام کی سفارش کی ہے پنڈی بھٹیاں کی تیار کردہ لمبے دانے 9) ملی میٹر) صندل بار باسمتی کی بھی سفارش کردی ان اقسام اور ہائبرڈز کے متعارف ہونے سے کسانوں کی پیداواری صلاحیت اور منافع میں مزید اضافہ ہوگا چاول کی زیادہ پیداوار دینے والی ان اقسام کے اجراء سے ملک میں چاول کی پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی فوڈ سیکورٹی کمیشن، ڈاکٹر وسیم الحسن نے پاکستان میں چاول کے سائنسدانوں کی اعلی پیداوار والے چاول کی ہائبرڈ اور اقسام جاری کرنے کی کوششوں کو سراہا

بقیہ 20

مجموعی دولت 39252 کھرب 24 ارب روپے (14 عشاریہ 2 ٹریلین ڈالرز) ہے۔ 265 نئے چہرے، 15 سال میں پہلی بار کوئی بھی نوجوان سیلف میڈ امیر نہیں ہوا۔ 100 ارب ڈالر کے کلب میں 14 افراد شامل، ارنالٹ 647 کھرب روپے کیساتھ سرفہرست۔ رواں فہرست میں 2023 کے مقابلے میں 141 زیادہ اور 2021 میں قائم کیے گئے پچھلے ریکارڈ سے 26 زیادہ ہیں۔ انتہائی امیر پہلے سے زیادہ امیر ہیں۔ 265 نئے چہرے دنیا کے ارب پتیوں کے لیے نئے ہیں۔ 78 ممالک سے تعلق رکھنے والےکھرب پتیوں میں امریکا 813 کے ساتھ سرفہرست، چین (406)، بھارت (200) اور جرمنی (132) ہیں۔ گزشتہ پندرہ برس میں فہرست میں پہلی بار کوئی بھی تیس سال سے کم عمر امیر ترین نوجوان سیلف میڈ نہیں۔ 25 امیر ترین کی عمریں 33 سال یا اس سے کم ہیں۔ سب سے بوڑھے امیر ترین فرد کی عمر 102 سال ہے۔ دنیا کے امیر ترین افراد میں سرفہرست برنارڈ ارنالٹ 647 کھرب 35 ارب روپے (233 ارب ڈالرز)، دوسرے پر ایلون مسک 541 کھرب 77 ارب روپے (195 ارب ڈالرز)، تیسرے پر جیف بیزوس 539 کھرب روپے (194 ارب ڈالرز)، چوتھے پر مارک زکر برگ 491 کھرب 76 ارب روپے (177 ارب ڈالر)، پانچویں پر لیری ایلیسن 391 کھرب 74 ارب روپے (141 ارب ڈالرز)، چھٹے پر وارن بفیٹ 369 کھرب 51 ارب روپے (133 ارب ڈالرز)، ساتویں پر بل گیٹس 355 کھرب 62 ارب روپے (128 ارب ڈالرز)، آٹھویں پر اسٹیو بالمر 336 کھرب 17 ارب روپے (121 ارب ڈالرز)، نویں پر مکیش امبانی 322 کھرب 28 ارب روپے (116 ارب ڈالرز) اور دسویں پر لیری پیج 316 کھرب 37 ارب روپے (114 ارب ڈالرز) کے مالک ہیں۔

بقیہ 21

نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر نجکاری عبدالعلیم خان کو مواصلات کا اضافی قلمدان دے دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق چوہدری سالک حسین کو مذہبی امور کا اضافی قلمدان، وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر کو نیشنل فوڈ اینڈ سیکیورٹی کا اضافی قلمدان دے دیا گیا۔ کابینہ ڈویژن کے نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کو بین الصوبائی رابطے کا اضافی قلمدان، وزیر پیٹرولیم مصدق ملک کو آبی وسائل کا اضافی قلمدان سونپ دیا گیا۔

بقیہ 22

کی۔ سماعت شروع ہوئی تو 2 مرتبہ آواز لگنے کے باوجود وکیل کی جانب سے کوئی بھی عدالت میں پیش نہ ہوا، عدالتی حکم پر پراسیکوٹر جنرل پنجاب عدالت میں پیش ہوئے۔ وکلاء نے موقف اپنایا کہ وکیل ڈرا ہوا ہے اور ڈر اچھا ہوتا ہے، جس پر چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے کہا کہ بس اللہ سے ڈرنا چاہیے کسی اور سے نہیں۔ وکلاء نے کہا کہ ہم نے پتہ کیا ہے، مذکورہ وکیل صبح پیش ہو جائے گا، جس پر عدالت نے کہا کہ یہ کیا بات ہے کہ وکیل ڈرا ہوا ہے، وہ آج کیوں پیش نہیں ہورہے؟ جس پر لاہور ہائیکورٹ نے کیس کی سماعت مزید کچھ دیر تک ملتوی کردی تاہم سماعت دوبارہ شروع ہوئی تو عدالت نے وکیل کو آج (جمعرات) گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ وکیل شیراز نے کہا کہ آپ نئے چیف جسٹس بنیں ہیں آپ کے ہوتے ہوئے یہ سب ہوگا، جس پر چیف جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے کہا کہ ہم نے انصاف کی فراہمی کا حلف اٹھایا ہوا ہے، وکیل کوئی آسمان سے نہیں اترا ہوا۔ عدالت نے اپنے تحریری فیصلے میں کہا کہ ایڈوکیٹ زاہد محمود گورایہ عدالت میں چیختے چلاتے رہے، وکیل نے عدالت، بینچ کے بارے میں توہین آمیز اور بے بنیاد الزامات عائد کیے، وکیل فاضل جج کے خلاف عدالت کے اختیار کو چیلنج کرنے کا کہتا رہا۔ ریفرنس میں کہا گیا کہ عدالت مذکورہ وکیل کے خلاف توہین عدالت کی کاروائی عمل میں لائے۔

بقیہ 23

فیصد کی متوقع ہے۔ بلوم برگ کے مطابق آئی ایم ایف کے نئے بیل آؤٹ پروگرام سے معاشی شرح نمو میں مزید تیزی اور استحکام آئیگا، گزشتہ 22 ماہ میں مہنگائی کی شرح پہلی بار سب سے کم 20.7 فیصد پر آگئی ہے اور 2 سال بعد مہنگائی کی شرح میں کمی کا رجحان دیکھنے میں آرہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ جولائی سے شروع ہونے والے مالی سال میں پاکستان کو 24 ارب ڈالر کی بیرونی مالی مدد درکار ہوگی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے 16 ماہ کی حکومت میں ملک کو معاشی ڈیفالٹ سے بچانے کے لیے مشکل فیصلے کیے تھے اور مخلوط حکومت نے آئی ایم ایف پروگرام بحال کیا تھا جب کہ اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ کے نتیجے میں معاشی استحکام کی راہ ہموار ہوئی۔

بقیہ 24

مسئلہ حل کرلے کیونکہ کہ پاکستان میں تشدد کے واقعات کے شعلے افغانستان بھی پہنچ رہے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے افغان وزیر نے کہا کہ پاکستانی حکومت اور ان بھائیوں کو بھی مشورہ دیتا ہوں کہ جنگیں ہم نے دیکھ لی ہیں، انقلابات ہم نے دیکھ لئے ہیں، جنگیں اور انقلابات بیوائیں پیدا کرتی ہیں، یتیم پیدا کرتے ہیں، ملک تباہ ہوتے ہیں، اقتصاد ختم، نظام ختم تباہ ہوجاتا ہے، آپ مذاکرات کریں اور آپس میں صلح کرلیں۔ انہوں نے پاکستان سے لڑنے والوں کو بھائی کہتے ہوئے کہا کہ خواہ وہ لڑائی کو جہاد یا جنگ کہتے ہیں، ان کے کام میں ہم مداخلت نہیں کرتے، ان کو بھی ہمارا یہ مشورہ ہے کہ اگر آپ 100 سال بھی لڑے اور کامیاب بھی ہوجائے اور وزیر دفاع یا وزیرداخلہ بن جائے تو ہمیں اس سے کیا، پاکستان میں لڑائی ہمارے لئے مشکلات پیدا کررہی ہے اور آگ کے شعلے افغانستان پہنچ رہے ہیں۔

بقیہ 25

معاملہ ہے اس کی تہہ تک پہنچنا چاہیے، اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز نے خط میں لکھا عدلیہ کے کام میں مداخلت ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ میں مداخلت کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، عدلیہ میں آزاد جج ہوں جو بغیر خوف کے فیصلے کریں، عدلیہ کی آزادی کا تحفظ کرنا سپریم کورٹ کی ذمے داری ہے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ اس آئینی ذمے داری سے ہر صورت نبردآزما ہوگی، سپریم کورٹ کا اس معاملے پر ازخود نوٹس لینا خوش آئند عمل ہے، خط پر سپریم کورٹ کو خود انکوائری کرنی چاہیے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ حکومت کی طرف سے بنائے گئے کمیشن کے پاس اختیارات سول جج کے برابر ہوتے ہیں، سپریم کورٹ کو ایسا حکم جاری کرنا چاہیے جس سے مداخلت کو ختم کیا جاسکے۔

بقیہ 26

مطابق کاروائی کی جائے گی، صرف تعلیمی بورڈ کی جانب سے جاری لیٹر پرہی امتحانی سنٹر میں داخلے کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 27

خطوط موصول ہونے کے بعد لاہور ہائیکورٹ میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کردی گئی۔ اطلاع ملنے پر پولیس، سی ٹی ڈی اور فرانزک ٹیموں کے افسران و اہلکار فوری لاہور ہائیکورٹ پہنچ گئے اور خطوط کی فرانزک کا عمل شروع کردیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز ناصر رضوی سمیت دیگر پولیس افسران بھی موقع پر موجود رہے۔

بقیہ 28

57 کروڑ 78 لاکھ روپے کے واجبات بھی نکال دیئے۔ دستاویز کے مطابق بجلی کا ٹھیکہ 28 کروڑ 99 لاکھ میں منظور ہوا تھا ہم ورک آرڈر 71 کروڑ کا جاری کیا گیا، نظرثانی کے بعد ٹھیکے کی رقم 72 کروڑ 89 لاکھ کردی جو پروکیورمنٹ رولز کے خلاف ہے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ ایک ورک آرڈر کے بعد 6 کروڑ 19 لاکھ کا دوسرا ورک آرڈر بھی جاری کیا گیا۔ مبینہ کرپشن کی تفصیلات سامنے آنے کے بعد محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے چیف سیکرٹری سندھ کو اعلی سطح کی تحقیقات کی سفارش کردی ہے۔

بقیہ 29

ہے۔ جج ناصر جاوید نے سوال کیا کہ کیا مچلکے جمع کرادیئے؟ ہائیکورٹ میں کرائے یا احتساب عدالت میں؟ فواد چوہدری نے جواب دیا کہ آرڈر کا انتظار ہے، تحریری آرڈر ملیگا تو مچلکے جمع کرائیں گے۔ جج ناصر جاوید نے مسکراتے ہوئے کہا کہ مچلکے جمع کرائیں باہر آئیں، اس پر فواد چوہدری نے کہا کہ باہر تو خیر کیا ہی آنا، وہ آپ کو پتا ہے۔ جج نے سوال کیا کہ کیوں اور بھی کوئی کیس ہے جس میں ضمانت نہیں ہوئی؟ فواد چوہدری نے جواب دیا کہ کسی پر کیس بناتے ہوئے کون سا وقت لگتا ہے۔ فواد چوہدری کے وکیل قیصر امام کے آنے تک سماعت میں وقفہ کردیا گیا جب کہ سابق وزیر کے ضمانتی مچلکے بھی جمع نہ کرائے جاسکے۔ احتساب عدالت نے فواد چوہدری کے جوڈیشل ریمانڈ میں 15 اپریل تک توسیع کردی۔

بقیہ 30

جاں بحق ہوگئے، مقتولین قتل کے مقدمہ پر پیشی کیلئے عدالت جارہے تھے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہوگئے، لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا جب کہ ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 31

علی پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کی۔ عدالت نے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا۔ درخواست گزار کی جانب سے مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ عدالت نے مخصوص نشستوں پر منتخب ارکان سے حلف لینے کا حکم دیا، اس کے باوجود حلف نہیں لیا گیا۔ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر نے عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کی ہے، جس پر اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی کے خلاف توہین عدالت کی کاروائی کی جائے۔

بقیہ 32

ورکرز کے ساتھ ناانصافی کی ہے، موجودہ آئی جی اس سارے مظالم کا ذمے دار ہے، آئی جی کو جیل کے اندر ہونا چاہیے، مرکز صوبے میں حکومت نہیں چلنے دے رہا۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ ہمیں چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے الیکشن سے محروم کرنے کے لیے کے پی میں سینیٹ انتخابات ملتوی کیے گئے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ پنجاب ضمنی انتخابات میں انتخابی مہم چلائیں گے، ہم سے انتخابی نشان اور مخصوص نشستیں چھینی گئی ہیں، حکومت کے جبر کے خلاف مزاحمت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ججز کا مقدمہ کوئی عام مقدمہ نہیں، ججز مقدمہ میں سیکورٹی ایجنسی کو فریق بنایا گیا ہے، ایسا کہیں نہیں ہوتا کہ ہائی کورٹ کے ججز اپنے حقوق پر تحفظات کا اظہار کریں، ہائی کورٹ ججز کے خط کی شفاف انکوائری ہونی چاہیے۔ شیر افضل مروت نے مزید کہا کہ جسٹس شوکت صدیقی کے فیصلے کی کسی کو توقع نہیں تھی، جسٹس شوکت صدیقی کے معاملے پر اس وقت عدلیہ کھڑی ہوتی تو یہ نوبت نہ آتی۔ واضح رہے کہ دوروز قبل پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی ریلی میں شیر افضل مروت کی ایک شخص کو تھپڑ مارنے کی ویڈیو وائرل ہوئی تھی۔

بقیہ 33

کی۔ دوران ساعت وکیل درخواست گزار نے کہا کہ عدالت نے مخصوص نشستوں پر منتخب ممبران اسمبلی سے حلف لینے کا حکم دیا تھا، عدالتی احکامات کے باوجود اپوزیشن کی مخصوص نشستوں پر حلف نہیں لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے پر سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کیخلاف توہین عدالت کی کاروائی کی جائے۔ بعدازاں عدالت نے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 34

کاروائی کی جائے گی، صرف تعلیمی بورڈ کی جانب سے جاری لیٹر پر ہی امتحانی سنٹر میں داخلے کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 35

کلر کہار پولیس کا کریک ڈاؤن جاری۔ ایس ایچ او تھانہ کلر کہار عاطف رضا شاہ سب انسپکٹر۔ وقاص سب انسپکٹر۔ ساجد علی اسسٹنٹ سب انسپکٹر ہمراہ ٹیم فحاشی کے اڈہ پر چھاپہ ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں سے 4 خواتین اور چار مرد گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا۔ کیپٹن ریٹائرڈ واحد محمود ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی جانب سے شاباش اور معاشرے میں بڑھتی بے حیاء کے خلاف مزید گھیرا تنگ کرنے کی ہدایت

بقیہ 36

بتایا کہ قومی اسمبلی کی خالی نشستوں کیلئے کل 50 امیدوار مدمقابل ہیں جبکہ پیپلز پارٹی کی آصفہ بھٹو زرداری پہلے ہی این اے 207 سے بلامقابلہ منتخب ہوچکی ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کی خالی نشستوں کیلئے کل 23 امیدوار میدان میں اتریں گے جبکہ پنجاب میں 154 امیدوار قسمت آزمائی کریں گے جبکہ سندھ میں زبیر احمد جونیجو نے پی ایس 80 سے بلامقابلہ اپنی نشست حاصل کرلی ہے اور بلوچستان اسمبلی کی خالی نشستوں کیلئے 12 امیدوار میدان میں ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ الیکشن کمیشن 30 مارچ کو متعلقہ ریٹرننگ افسران کی جانب سے امیدواروں کی فہرستوں کو حتمی شکل دینے کے بعد ضمنی انتخابات کے لیے بیلٹ پیپرز کی چھپائی شروع کرے گا جبکہ صوبائی الیکشن کمشنرز کو ضروری انتخابی سامان فراہم کر دیا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ الیکشن کمیشن وزارت داخلہ اور وزارت دفاع کیساتھ صوبائی قانون نافذ کرنیوالے اداروں کیساتھ بھی قریبی رابطے میں ہے۔

بقیہ 37

اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن میں 11 گھروں، 64 دوکانیں، 03 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور 105 افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 38

پی آئی اے نان کور ہولڈنگ کمپنی میں ری اسٹرکچرنگ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پی آئی اے نان کور ہولڈکو۔ میں اثاثے، بزنس، حقوق، پروپرٹیز، انویسٹمنٹ ذمہ داریاں وغیرہ دی گئی ہیں جبکہ کور انڈرٹیکنگ پی آئی اے کے ایوی ایشن کا بزنس دیکھے گی۔ پی آئی اے کی ہولڈنگ کمپنی حکومت کے ذیلی ادارے کے طور پر کام کرے گی۔ یاد رہے حکومت نے نئے آئی ایم ایف پروگرام سے قبل پی آئی اے کی نجکاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم نجکاری آئی ایم ایف ٹرم اینڈ کنڈیشن کے مطابق ہوگی۔ دوسری جانب قومی ایئرلائن پی آئی اے قرض ری پروفائلنگ کیلئے کمرشل بینکوں سے ٹرم شیٹ طے پاگئی ہے، کمرشل بینکوں کی جانب سیرواں ہفتہ این اوسی اور اثاثے واپس منتقل ہوجائیں گے۔ ذرائع وزارت خزانہ کا کہنا تھا کہ ٹرم شیٹ سائن ہونے سے بینکوں کو دس برسوں تک تقریباً بارہ فیصد شرح سود پر قرض ملے گا، ابتدائی طور پر پی آئی اے کے اکاون فیصد حصص فروخت کیے جائیں گے اور انچاس فیصد شیئرز حکومت ملکیت میں ہی رہیں گے۔

بقیہ 39

ذرائع کی مدد سے چوری کی وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے مسروقہ ایل ای ڈیز برآمد کرلی گئیں، گرفتار ملزم کی شناخت ذیشان اقبال کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ سیکرٹریٹ کے علاقے میں وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 40

12 فی صد سے بھی کم ہیں۔ وزارت توانائی کے ذرائع کے مطابق لاہور، اسلام آباد، فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں بلوں کی ریکوری 100 فی صد کے قریب ہے۔ ذرائع وزارت توانائی کے مطابق اصل بجلی کی چوری خیبر پختون خوا، بلوچستان اور سندھ کی ڈسکوز میں ہورہی ہے، بلوچستان اور سندھ میں 40 فی صد سے زیادہ بجلی چوری ہورہی ہے جبکہ بلوں کی ریکوری 72 فی صد کے قریب ہے۔ وزارت توانائی کے ذرائع نے بتایا ہے کہ حالیہ آپریشنز میں پنجاب میں ہی صارفین کو بلاوجہ اضافی بل ڈالے گئے ہیں، جبکہ خیبر پختون خوا، سندھ اور بلوچستان میں بھرپور آپریشن نہیں ہو سکے۔ ذرائع وزارت توانائی کے مطابق ان تینوں صوبوں کی ڈسکوز کی حالت بدترین اور ریکوری کمزور ہے، اس وقت کے پی کے اور سندھ میں سب سے زیادہ کنڈا سسٹم ہے۔ وزارت توانائی کے ذرائع کے مطابق پنجاب کے سب سے زیادہ بل دینے والا صوبہ ہونے کی رپورٹ جلد ہی وفاقی کابینہ کو بھجوائی جاچکی ہے۔

بقیہ 41

پولیس نے ملزم راحیل سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن نصیر آباد پولیس نے ملزم سہیل سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم احتشام سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم طارق سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم فیصل سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 42

سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو کارروائی ہو گی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 2018 سے اب تک رشوت لینے والے 59 سرکاری افسران کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا ہے جبکہ 158 جگہوں پر چھاپے مارے اور 9 زون میں 775 مقدمات درج کیے گئے۔ محمد بخش مہر نے کہا کہ محکمہ اینٹی کرپشن میں قانونی اصلاحات لائی جائیں، عوام کو دھوکہ دینے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ خالی اسامیوں پر اے ایس آئیز، انسپکٹرز، سب انسپکٹرز سمیت 4 سو کانسٹیبل بھرتی کیے جائیں، آئی بی اے اور سندھ پبلک سروس کے ذریعے بھرتی کیے جانے کے لیے اقدام کیے جائیں گے۔

بقیہ 43

7 اپریل کی دوپہر کھلاڑی ایبٹ آباد سے راولپنڈی روانہ ہوں گے، جہاں وہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کے ساتھ افطار کریں گے۔ 7 اپریل کی رات ہی کھلاڑی اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوں گے۔

بقیہ 44

۔S.H.O پنڈدادنخان۔ راجہ آصف علی۔ اسسٹنٹ سی او کھیوڑہ ملک محمد سلیمان

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 4 اپریل 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 4 اپریل 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ریحارہ، جی او آر، اسلام آباد کلب-1، شہزاد ٹاؤن، محفوظ شہزاد، سکیم-2، فلٹریشن پلانٹ، بنی گالا، اتھال، شاہ پور، تریٹ، ٹی اینڈ ٹی، این آئی ایچ، بھارہ کہو 1&2، I-11/2 فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، شمس آباد، شکریال، اوجڑی کیمپ، نورا روڈ، کٹاریاں، بنی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، عسکری-7، سرسید روڈ، ایف ایف سی، خادم حسین روڈ، آدم جی روڈ فیڈرز، اٹک سرکل، مشتاق شہید، جلالہ فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں 21 ماہ بعد اضافہ

پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت 21 ماہ بعد 4 فیصد بڑھ گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت مارچ میں 1.15 ملین ٹن رہی، جو کہ سالانہ بنیاد پر 4 فیصد زیادہ ہے۔ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت 21 ماہ بعد 4 فیصد بڑھ گئیں۔ اعداد و شمار کے مطابق فروری کے مقابلے مارچ میں پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں 3 فیصد اضافہ ہوا۔ فرنس آئل سے کم بجلی پیداوار اور گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال مارچ میں فروخت 48 فیصد گھٹ گئی۔ اسی طرح پیٹرول کی فروخت مارچ میں 0.57 ملین ٹن تک پہنچنے پر اس میں سالانہ 3 فیصد اضافہ دیکھنے کو ملا۔ ہائی سپیڈ ڈیزل کے حجم میں 17 فیصد سالانہ اضافہ ہوا، جو مارچ 2024 میں 0.46 ملین ٹن تک پہنچ گیا۔ گزشتہ سال مارچ کے مقابلے پیٹرول فروخت 19 فیصد بڑھ گئی ہے۔

مقامی مال میں اداکارہ ماہرہ خان اپنے ملبوسات کے نئے برانڈ ایم " کی لانچنگ کے موقع پر شہریوں کے ساتھ سیلفی بنارہی ہیں

آٹو اسپیئر پارٹس کی آڑ میں چھالیہ گٹکا سپاری اسمگلنگ کی کوشش ناکام

سامان کے نام پر چھالیہ گٹکا ریلوے بکنگ کاؤنٹر پر حیدر آباد کے لیے بک کروایا گیا تھا

لاہور (اے ایف بی) آٹو اسپیئر پارٹس کی آڑ میں چھالیہ گٹکا سپاری اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ پاکستان ریلوے پولیس نے ایک کارروائی کے دوران آٹو اسپیئر پارٹس کے نام پر بھاری مقدار میں لاکھوں روپے مالیت کی مضر صحت چھالیہ، گٹکا اور سپاری لاہور سے حیدر آباد اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے مقدمہ درج کرلیا۔ ریلوے اسٹیشن پر سامان بکنگ کاؤنٹر پر حیدر آباد کے لیے سامان بک کرایا گیا، اس حوالے سے بتایا گیا تھا کہ اس میں مختلف نوعیت کے آٹو اسپیئر پارٹس ہیں، جن کی بکنگ بھی ہوگئی ہے۔ ریلوے پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 16 بوروں میں 720 کلو گٹکا، سپاری اور چھالیہ برآمد کرکے ایف آئی آر درج کرلی۔ ریلوے تھانہ ایس ایچ او رمضان حیدر کے مطابق اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔ ملزمان کو جلد ہی گرفتار کرلیا جائے گا۔

کھوکھر۔ SDO پی ٹی سی ایل محمد عمران۔ ملک سپیشل برانچ ملک غلام ربانی۔ محمد توصیف۔ سوئی گیس انچارج راجہ طاہر مجید۔ لائن سپرینٹ واپڈا مرزا خالد۔ لائن سپرینٹ دلدار احمد۔ ملک آمین۔ میونسپل کمیٹی پنڈدادنخان انجینئر نجم علی۔ شبیر مارتھ۔ محرر امتیاز احمد۔ محرر محمد جنید۔ ملک محمد افسر بلدیہ کمیٹی کھیوڑہ حسن رؤف۔ محمد فیضان۔ ظہیر عباس پنجاب پولیس شہباز احمد پنجاب پولیس۔ ماسٹر چوہدری نوید شہزاد کھرل سیاسی وسماجی شخصیت ڈاکٹر سرفراز عباس سمیت پاسپورٹ آفس۔ آراضی سنٹر۔ محکمہ ہائی وے۔ اور شعبہ صحت سے تعلق رکھنے والے سرکاری ملازمین نے بھرپور شرکت کی اور پرتکلف افطار پارٹی ڈنر کا اہتمام کرکے حوصلہ افزائی اور عزت افزائی کرنے پر ایل سی ای کی تمام مینجمنٹ اور موقع پر موجود تمام افسران کا شکریہ ادا کیا اور ایل سی ای کے اس احسن اقدام کو سراہتے ہوئے انسانیت دوست اقدام قرار دیا

بقیہ 45

مالیت کا تخمینہ تقریباً 47.83 ملین امریکی ڈالر (13.29 بلین پاکستانی روپے) لگایا گیا ہے۔ ایک مہینے کے دوران یہ تیسرا کامیاب انسداد منشیات آپریشن پاک بحریہ اور اینٹی نارکوٹکس فورس کا پاکستان کی سمندری حدود میں غیر قانونی سرگرمیوں کو ناکام بنانے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ پاک بحریہ دوسرے متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہمراہ ملک کی زمینی اور سمندری حدود میں امن و امان کے نفاذ کے لیے اپنی قومی ذمہ داریاں بخوبی انجام دیتی رہے گی۔

بقیہ 46

او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ بجلی چوری میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، بجلی چوری میں ملوث افراد قومی مجرم ہیں جو کسی رعایت کے مستحق نہیں، ملکی خزانے کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 47

مامور اساتذہ سے بات چیت کی اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایس ایس پی آپریشنز نے امتحانی مراکز میں فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ وطالبات ایمانداری اور محنت سے پیپر حل کریں، امتحانی مراکز کی سکیورٹی اور پیپروں کے عمل میں شفافیت کے عمل کو یقینی بنایا گیا ہے، نوجوان نسل پاکستان کا مستقبل اور روشن چہرہ ہے، جنہیں مہذب اور قابل بنانا ہم سب کا فرض ہے۔

بقیہ 48

کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر سردار غیاث گل خان نے تھانہ جنڈ میں تعینات سب انسپکٹر اعزاز علی کو لوڈر رکشہ سمیت ایک غریب شخص کو تھانہ میں رکھنے اور رشوت لیکر چھوڑنے پر نوٹس لیتے ہوئے سب انسپکٹر اعزاز علی کو فوری معطل کرکے کلوز ٹو پولیس لائنز اور ایس ایچ او جنڈ انسپکٹر قمر سلطان کو ناقص سپرویژن پر چارج شیٹ جاری کرتے ہوئے ایس پی انوسٹی گیشن کو دونوں پولیس افسران کی انکوائری 7 یوم میں مکمل کرنے کا حکم دیا تاکہ قصورواروں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ اس موقع پر ڈی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کا کہنا تھا کہ محکمہ پولیس میں کالی بھیڑوں کی کوئی گنجائش نہیں اٹک پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری ہے کسی کے ساتھ کوئی بھی زیادتی ہرگز برداشت نہ کی جائے گی۔

بقیہ 49

نے منظور یا متعین نہیں کی ہے بلکہ وہ اپنے طور پر یہ پیکج تیار کریں گے اور حاجی کے ساتھ حج معاہدہ میں منتخب پیکج کی کیٹگری اور دیگر سہولیات کی تفصیلات دیں گے۔ منظور شدہ حج گروپ آرگنائزر کی فہرست وزارت کی ویب سائیٹ پر موجود ہے، وزارت نے حاجیوں سے کہا ہے کہ وہ حج پیکج منتخب کرنے کے بعد حج گروپ آرگنائزر سے کمپیوٹرائزڈ رسید ضرور حاصل کریں۔ حج واجبات کی ادائیگی صرف بینک کے ذریعے کمپنی کے اکاؤنٹ میں کریں، کوئی بھی حج گروپ آرگنائزر نقد وصولی کا مجاز نہیں ہے۔

بقیہ 50

26 ہوئی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق اشتہاری مجرم صابر علی 03 سال قبل شہری سے 30 لاکھ روپے کا فراڈ کر کے بیرون ملک مفرور ہوگیا تھا، پنجاب پولیس نے انٹرپول سے ملزم کا ریڈ نوٹس جاری کروایا، گرفتاری کیلئے تحرک جاری رکھا، گرفتار ملزم کو ائیر پورٹ پر میانوالی پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بیرون ملک سے اشتہاری مجرم گرفتار کرنے پر پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ قانونی کاروائی مکمل کرتے ہوئے ملزم کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔

بقیہ 51

آپریشن کے دوران متعلقہ اداروں نے ملک بھر سے 1023530 کلو منشیات ضبط کیں اور 1225 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا۔ 24 تا 31 مارچ کے دوران بلوچستان سے 1076، خیبر پختونخواہ سے 8013، گلگت بلتستان سے 28، پنجاب سے 166 اور سندھ سے 19 کلو منشیات ضبط ہوئیں۔ ملک بھر سے 236 کلو ہیروئن، 190 کلو حشیش، 32 کلو میتھ 188 کلو افیون اور 8665 کلو دیگر منشیات برآمد ہوئیں۔ متعلقہ اداروں نے ملک بھر سے 45 مجرمان بھی گرفتار کیے۔

بقیہ 52

اسٹاک ایکسچینج میں 617 پوائنٹس کی تیزی آئی تھی، جس کے نتیجے میں ملکی تاریخ میں پہلی بار انڈیکس نے 67000 پوائنٹس کی بلند ترین نفسیاتی سطح بھی عبور کرلی تھی اور 100 انڈیکس بڑھ کر 67165 پوائنٹس کی سطح پر آگیا تھا۔ بعدازاں 29 مارچ کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اتار چڑھاؤ کے بعد شدید مندی رہی اور 4 روز سے بننے والے بلندیوں کے نئے ریکارڈز کا تسلسل ٹوٹ گیا۔ شدید مندی کے سبب 55 فیصد حصص کی قیمتیں گر گئیں جب کہ سرمایہ کاروں کے 17 ارب 66 کروڑ 58 لاکھ 52 ہزار 175 روپے ڈوب گئے۔

بقیہ 53

مذکورہ کانسٹیبل شاہد کی گرفتاری ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی کے حکم پر ہوئی ہے جس کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی ہے۔ لاہور پولیس کے ترجمان نے بتایا ہے کہ کانسٹیبل شاہد کی ملازمت سے برخاستگی کی کاروائی شروع کردی گئی ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی نے کہا کہ ڈسپلن کی خلاف ورزی کسی طور قابل قبول نہیں۔

بقیہ 54

شادی کا مسئلہ نوجوان لڑکیوں اور عام لوگوں کیلئے سنگین معاملہ ہے، کم عمری کی شادی اکثر لڑکیوں کی بچوں کیساتھ بدسلوکی، استحصال اور کمزوریوں میں اضافہ کرتی ہیں، لڑکیوں کی زندگی اور صحت کیلئے سنگین خطرہ ہے، ایوان اعلان کرتا ہے کہ ایک مضبوط، جامع اور متوازن معاشرے کی تشکیل کیلئے صحتمند ماں کا کردار بہت اہم ہے۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ عوام کو کم عمری کی شادیوں کے سنگین خطرات اور نتائج سے آگاہ کیا جائے، جب تک کوئی شخص 18 سال کی عمر تک نہ پہنچ جائے اور نکاح خواں کو شناختی کارڈ نہ پیش کرے تب تک شادی نہ کی جائے۔

بقیہ 55

چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 56

بھی موجود تھے۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور میں معاشی طور پر جو خرابیاں پیدا کی گئیں وہ بگاڑ کی صورت اختیار کرچکی ہیں لیکن مسلم لیگ (ن) کی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے پرعزم ہے۔ محمد ندیم پہلوان نے کہا کہ اتحادی حکومت ملک اور عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس وقت بہت ہی گھمبیر چیلنجز کا سامنا ہے، دشمن قوتیں نہیں چاہتیں کہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو اور چینی باشندوں پر حملہ اس کا واضح ثبوت ہے، اس طرح کی بزدلانہ کاروائیوں سے پاکستان اور چین کی دوستی میں خلل نہیں ڈالا جاسکتا، پاکستانی قوم متاثرہ چینی خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں سب کو اپنی اپنی سیاست کو ایک طرف رکھتے ہوئے ملک کیلئے اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

بقیہ 57

اسٹریٹ کرائم کے خلاف بیان دیا تو جواب آیا کہ اپنے کام سے کام رکھیں، جو لوگ موبائل چھینتے ہیں وہ نشے میں ہوتے ہیں اور مارنے میں ایک سیکنڈ نہیں لگاتے۔ کامران ٹیسوری کا کہنا تھا کہ گورنر ہاؤس میں مدینہ کی ریاست کے اصولوں کو اپنایا جائیگا۔

مخیر حضرات ضرورتمندوں کا خاص خیال رکھیں، مفتی محمد تنویر صدیقی ضیائی

دین اسلام میں محتاجوں غریبوں اور ضرورت مندوں کی مدد کرنے کے واضح احکامات دیئے گئے ہیں

ایک اچھے انسان کی زندگی کا بہترین حصہ اس کے محبت اور رحم دلی سے کیے گئے معمولی اور گمنام اعمال ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) خطیب جامعہ مسجد مکی کھوکھر اباد جنرل سیکرٹری سنی علماء و مشائخ کونسل مفتی محمد تنویر صدیقی ضیائی نے کہا ہے کہ ماہ صیام وقیام کی بابرکت ساعتوں میں مخیر حضرات ضرورت مندوں کا خاص خیال رکھیں اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان ہمدردی اور غم خواری کا مہینہ ہے۔ دین اسلام سراسر انسانیت کی فلاح کا مذہب ہے، اسلام اپنے ماننے والوں کو ایک دوسرے کے ساتھ اخوت، ہمدردی، ایثار، قربانی اور محبت کا حکم دیتا ہے۔ دین اسلام میں محتاجوں غریبوں اور ضرورت مندوں کی مدد کرنے کے واضح احکامات دیئے گئے ہیں۔ ایک اچھے انسان کی زندگی کا بہترین حصہ اس کے محبت اور رحم دلی سے کیے گئے معمولی اور گمنام اعمال ہیں۔

غلط خبر چلائی گئی، میں نے کسی کو تھپڑ نہیں مارا، شیر افضل مروت

ویڈیو میں کہاں تھپڑ نظر آرہا ہے؟ وہ کارکن نہیں میرا گارڈ تھا، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ غلط خبر چلائی گئی، میں نے کسی کو تھپڑ نہیں مارا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ ویڈیو میں کہاں تھپڑ نظر آرہا ہے؟ وہ کارکن نہیں میرا گارڈ تھا۔ انہوں نے کہا کہ کیسز کی ہمیں فکر نہیں، یہ چلتے رہیں گے، کے پی پولیس نے پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 32)


ایک لڑکی الحمرا آرٹ گیلری میں خطاطی کی نمائش دیکھ رہی ہے

بے حیائی وفحاشی پھیلانے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، 4 خواتین اور چار مرد گرفتار، مقدمہ درج

چکوال (خاور شہزاد سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن ریٹائرڈ واحد محمود کی زیر نگرانی معاشرے میں بے حیاء وفحاشی پھیلانے والوں کے خلاف سخت احکامات وکریک ڈاؤن جاری تھانہ کلر کہار کے علاقہ میں فحاشی کے اڈے چلانے والوں کے خلاف تھانہ (بقیہ نمبر 35)

وڈالہ سندھواں میں چھت گرنے سے دو بہن بھائی جاں بحق

زخمی میاں بیوی اور بیٹی حریم کو سول ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کردیا گیا ہے

سیالکوٹ (آئی آئی پی) پنجاب کے ضلع سیالکوٹ کے علاقے وڈالہ سندھواں میں چھت گرنے سے دو بہن بھائی جاں بحق جبکہ والدین اور ایک بیٹی شدید زخمی ہوگئے۔ ریسکیو کے مطابق تینوں بہن بھائی اپنے ماں باپ کے ساتھ رات کو سور ہے تھے کہ چھت اوپر آ گری، اہل دیہہ نے اپنی مدد آپ کے تحت زخمیوں اور نعشوں کو ملبے سے نکالا۔ ریسکیو حکام کا بتانا ہے کہ افسوس ناک واقعے میں والدین اور ایک بیٹی شدید زخمی ہوئے ہیں، جاں بحق ہونے والوں میں عروہ اور ولی محمد جبکہ حریم اور والد لقمان، والدہ کرن شامل ہیں

پشاور ہائیکورٹ، مخصوص نشستوں پر حلف نہ لینے پر سپیکر، ڈپٹی سپیکر سے جواب طلب

پشاور (انٹرنیوز) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر حلف نہ لینے پر سپیکر، ڈپٹی سپیکر سے جواب طلب کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پشاور ہائیکورٹ میں جسٹس ایس ایم عتیق شاہ اور جسٹس سید ارشد علی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے اپوزیشن جماعتوں کی خیبر پختونخوا اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر ممبران سے حلف نہ لینے بارے سپیکر وڈپٹی سپیکر کیخلاف دائر توہین عدالت درخواست پر سماعت (بقیہ نمبر 33)

امتحانی سنٹرز میں غیر متعلقہ لوگوں کے داخلے پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) چیئرمین بورڈ نیا امتحانی سنٹرز میں غیر متعلقہ لوگوں کے داخلے پر پابندی عائد کردی۔ بغیر اجازت امتحانی سنٹر میں داخل ہونے والے شخص کو حوالہ پولیس کیا جائے گا، سپرنٹنڈنٹ غیر متعلقہ شخص کے داخلے پر فوری 15 پر کال کریں گے۔ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر قانون کے مطابق (بقیہ نمبر 34)

کینٹ پولیس کی کارروائی، قتل مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو ائیر پورٹ سے گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم مصدق کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم مصدق نے ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ دشمنی پر فائرنگ کرکے کوثر کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ سال 2022 میں درج کیا گیا تھا، اشتہاری مجرم واقعہ کے بعد ایئرپورٹ سے بیرون ملک فرار ہو رہا تھا۔

لاہور: ازبکستان کے سفیر اویک عارف عثمانوف کو لاہور چیمبر آف کامرس کے صدر کاشف انور سوونیر پیش کر رہے ہیں

ضمنی انتخابات قومی وصوبائی اسمبلی کی 23 خالی نشستوں پر 239 امیدوار مدمقابل

21 اپریل کو ہونیوالے ضمنی انتخابات میں قومی وصوبائی اسمبلیوں کی 23 خالی نشستوں پر 239 امیدوار میدان میں اتریں گے

پیپلز پارٹی کی آصفہ بھٹو زرداری پہلے ہی این اے 207 سے بلامقابلہ منتخب ہو چکی ہیں

اسلام آباد (انٹرنیوز) 21 اپریل کو ہونیوالے ضمنی انتخابات میں قومی وصوبائی اسمبلیوں کی 23 خالی نشستوں پر 239 امیدوار مدمقابل ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ 21 اپریل کو ہونیوالے ضمنی انتخابات میں قومی وصوبائی اسمبلیوں کی 23 خالی نشستوں پر 239 امیدوار میدان میں اتریں گے۔ ترجمان نے (بقیہ نمبر 36)

ائیر پورٹ پولیس کی فوجی ٹاور اور گردونواح میں سرچ آپریشن

گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) ائیر پورٹ پولیس نے فوجی ٹاور اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ائیر پورٹ پولیس نے فوجی ٹاور اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والوں (بقیہ نمبر 37)

پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کو دو حصوں میں تقسیم کردیا گیا

پی آئی اے نان کور ہولڈنگ کمپنی میں ری اسٹرکچرنگ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

کراچی (آئی آئی پی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کو کور انڈرٹیکنگ اور نان کور ہولڈکو میں تقسیم کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کو دو حصوں میں تقسیم کردیا گیا ہے، پی آئی اے بورڈ نے بتایا کہ پی آئی اے کو کور انڈرٹیکنگ اور نان کور ہولڈکو میں تقسیم کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ جس کے بعد پی آئی اے نان کور ہولڈنگ کمپنی میں ری اسٹرکچرنگ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پی آئی اے بورڈ نے فیصلہ کیا ہے پی آئی اے کور انڈرٹیکنگ کے اکیاون فیصد شیئر فروخت کئے جائیں گے۔ جبکہ (بقیہ نمبر 38)

پنجاب سب سے زیادہ بجلی کے بل دینے والا صوبہ قرار

کے پی، سندھ، بلوچستان میں سب سے زیادہ بجلی چوری ہو رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت توانائی کی جانب سے پنجاب کو سب سے زیادہ بجلی کے بل دینے والا صوبہ قرار دیا گیا ہے جبکہ بتایا گیا ہے کہ خیبر پختون خوا، سندھ اور بلوچستان میں سب سے زیادہ بجلی چوری ہو رہی ہے۔ ذرائع وزارت توانائی کے مطابق پنجاب کی 4 ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں بجلی کی چوری سب سے کم ہے، ان 4 ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے لائن لاسز (بقیہ نمبر 40)

چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرکے مسروقہ ایل ای ڈیز برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی (بقیہ نمبر 39)

ناجائز اسلحہ رکھنے پر 7 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ وایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پتریاٹہ پولیس نے ملزم اسامہ سے 1 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم آصف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کینٹ (بقیہ نمبر 41)

صدر مملکت آصف علی زرداری سے سنگاپور کیلئے نامزد ہائی کمشنر رابعہ شفیق ملاقات کر رہی ہیں

سندھ حکومت کا محکمہ اینٹی کرپشن میں اصلاحات کا فیصلہ

2018ء سے اب تک رشوت لینے والے 59 سرکاری افسران کو رنگے ہاتھوں گرفتار

کراچی (این این آئی) اینٹی کرپشن سندھ نے پراسیکیوٹرز اور تفتیشی افسران کو ٹریننگ کرانے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ وزیر محکمہ انسداد بدعنوانی سندھ سردار محمد بخش مہر کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں چیئرمین اینٹی کرپشن اور دیگر افسران نے کرپشن کیسز سے متعلق بریفنگ دی۔ سردار محمد بخش نے کہا کہ کوئی بھی افسر بدعنوانی یا غیر قانونی (بقیہ نمبر 42)

پاکستانی کرکٹرز آرمی چیف کی جانب سے افطار پر مدعو

پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کا کاکول کیمپ 8 اپریل سے قبل ختم کیا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی جانب سے کاکول کیمپ میں شرکت کرنے والے پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کو افطار پر مدعو کیا گیا ہے۔ پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کا کاکول کیمپ 8 اپریل سے قبل ختم کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ کاکول کیمپ میں پاکستانی کھلاڑیوں کا 7 اپریل کو آخری روز ہو گا۔ (بقیہ نمبر 43)

اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی احمد خان بھچر لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایل سی آئی کھیوڑہ کا گورنمنٹ ملازمین کی خدمات کو خراج تحسین پیش

گرینڈ افطار ڈنر پارٹی کا اہتمام، تمام سرکاری شعبہ جات کے نمائندوں کی بھرپور شرکت

معزز مہمانوں نے پرتکلف افطار ڈنر پارٹی کا اہتمام کرنے کرنے پر ایل سی آئی منیجمنٹ کا شکریہ ادا کیا

پنڈدادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کیمطابق ایل سی آئی کھیوڑہ نے زیر نگرانی چیف آپریٹنگ آفیسر عمر مشتاق پنڈدادنخان اور کھیوڑہ کے تمام سرکاری شعبہ جات کے نمائندوں کے لیے پرتکلف افطار ڈنر پارٹی کا اہتمام کیا پارٹی کا مقصد سرکاری ملازمین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا اور ان کی عزت افزائی کرنا تھا ایچ آر منیجر عاقل کریم۔ کیمونٹی منیجر خواجہ وقار۔ آئی آر مینیجر سلیم صدیقی۔ اے این ای منیجر واصف عدیل۔ کیمونٹی آفیسر حافظ صہیب رسول نے آنے والے تمام معزز مہمانوں کو خوش امدید کہا افطار ڈنر میں خصوصی شرکت ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ غضنفر علیخان ماڈل ہائی سکول پنڈ دادنخان شوکت علی خان (بقیہ نمبر 44)

پاک بحریہ کا ایک مہینے میں تیسرا کامیاب انسداد منشیات آپریشن

ضبط کی گئی منشیات 150 کلوگرام آئس (میتھم فیٹامائن) پر مشتمل ہے

کراچی (اے ایف بی) پاک بحریہ اور اینٹی نارکوٹکس فورس نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر کامیاب مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی بڑی کھیپ قبضے میں لے لی۔ مشترکہ آپریشن گوادر کی ساحلی پٹی کے قریب شنکانی در کے علاقے میں کیا گیا۔ ضبط کی گئی منشیات 150 کلوگرام آئس (میتھم فیٹامائن) پر مشتمل ہے۔ منشیات کے ذخیرے کو ساحل کے قریب واقع ایک گھر میں چھپایا گیا تھا۔ معلومات کے مطابق منشیات کے اس ذخیرے کو سمندر کے راستے بین الاقوامی مارکیٹ میں لے جانے کا منصوبہ تھا۔ ضبط شدہ منشیات کی بین الاقوامی مارکیٹ میں (بقیہ نمبر 45)

پٹرول بم میاں جدوں آئے گا لگ پتہ جائیگا پاکستان میں رہنا ہے تو جیے پاکستان کہنا ہے
ٹیکسوں قرضوں کا سارا بوجھ عوام پر مت ڈالو ایران گیس سے پاکستانی عوام کب تک مستفید ہوگی
امریکی ورلڈ آرڈر براہ راست پاکستان کا معاشی قتل بند کرے کیا امریکہ پاکستان کا اتحادی ملک ہے
وکلاء پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں احتجاج کر رہے ہیں

بجلی چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن، 80 ملزمان گرفتار

ملکی خزانے کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سی پی او

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، رواں سال کریک ڈاؤن کے دوران 186 مقدمات درج کرکے 80 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، رواں سال کریک ڈاؤن کے دوران 186 مقدمات درج کرکے 80 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا گیا، گزشتہ روز کریک ڈاؤن میں 63 مقدمات درج کیے گئے۔ سی پی (بقیہ نمبر 46)

مسلم لیگ (ن) خواتین ایم پی ایز رخسانہ کوثر اور فضا میمونہ پنجاب اسمبلی میں کابینہ اجلاس سے قبل سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کر رہی ہیں

نوجوان نسل پاکستان کا مستقبل اور روشن چہرہ ہے

جنہیں مہذب اور قابل بنانا ہم سب کا فرض ہے، حافظ کامران اصغر

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے شہر کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے ڈیوٹی پر مامور اساتذہ سے بات چیت کی اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر کا شہر کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ، ایس ایس پی آپریشنز نے ڈیوٹی پر (بقیہ نمبر 47)

اٹک، محکمہ پولیس میں کالی بھیڑوں کی کوئی گنجائش نہیں

رشوت لے کر غریب شخص سمیت لوڈر رکشہ چھوڑنے پر ڈی پی او اٹک کا نوٹس

اٹک (این این آئی) محکمہ پولیس میں کالی بھیڑوں کی کوئی گنجائش نہیں، رشوت لے کر غریب شخص سمیت لوڈر رکشہ چھوڑنے پر ڈی پی او اٹک ڈاکٹر سردار غیاث گل خان نے نوٹس لیتے ہوئے ایس آئی اعزاز علی کو معطل کرکے پولیس لائنز کلوز اور ایس ایچ او جنڈ کو ناقص سپرویژن پر چارج شیٹ جاری کرتے ہوئے 7 دن میں انکوائری رپورٹ طلب (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

حج پیکیج کا انتخاب احتیاط اور سوچ سمجھ کر کریں

حج واجبات کی ادائیگی صرف بینک کے ذریعے براہ راست کمپنی اکاؤنٹ میں کی جائے

کوئی بھی حج گروپ آرگنائزرز نقد وصولی کا مجاز نہیں ہے، وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

اسلام آباد (آئی آئی پی) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے پرائیویٹ حج سکیم کے تحت حج کے خواہشمندوں کو ہدایت کی ہے کہ حج پیکیج کا انتخاب احتیاط اور سوچ سمجھ کر کریں، حج واجبات کی ادائیگی صرف بینک کے ذریعے براہ راست کمپنی اکاؤنٹ میں کریں۔ وزارت کے ذرائع کے مطابق حج پالیسی 2024 کے تحت حج گروپ آرگنائزر کے لیے پیکجز کی تعداد وزارت (بقیہ نمبر 49)

اے این ایف کی کارروائیاں، 133 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 3 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، 6 کارروائیوں میں 133 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 3 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر دو کارروائیوں میں شارجہ اور جدہ جانے والے مسافروں سے 1 کلوگرام ہیروئن برآمد، راولپنڈی میں کوریئر آفس میں برطانیہ سے بھیجے گئے دو پارسلز سے 236 گرام ویڈ برآمد، گوادر سے 125 کلو آئس برآمد، ٹنڈو جام حیدرآباد میں ملزم سے 2 کلو افیون اور 5 کلو چرس برآمد ہوئی۔

کوٹ لکھپت جیل میں خاتون قیدی جان کی بازی ہار گئی

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت جیل لاہور میں خاتون قیدی جان کی بازی ہار گئی، خاتون کی شناخت 22 سالہ فاطمہ جہانگیر کے نام سے ہوئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق پولیس کی جانب سے خاتون قیدی کی لاش کو جناح ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ خاتون قیدی کی ہلاکت کی وجوہات سامنے نہیں آسکیں۔

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے نیدرلینڈز کی سفیر مسز ہینی ڈی وریس ملاقات کر رہی ہیں

فراڈ کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری یو اے ای سے گرفتار

رواں برس بیرون ملک سے گرفتار اشتہاری مجرمان کی مجموعی تعداد 26 ہوگئی

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس بیرون ملک مفرور اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے سرگرم، فراڈ کے مقدمہ میں مطلوب ایک اور اشتہاری کو متحدہ عرب امارات سے گرفتار کرلیا گیا جس کے بعد رواں برس بیرون ملک سے گرفتار اشتہاری مجرمان کی مجموعی تعداد (بقیہ نمبر 50)

حکومت پاکستان اور سکیورٹی فورسز کا انسداد منشیات آپریشن جاری

ملک بھر سے 1023530 کلو منشیات ضبط کیں، 1225 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا

لاہور (این این آئی) حکومت پاکستان اور سکیورٹی فورسز کی جانب سے انسداد منشیات آپریشن جاری ہے۔ پاکستان کو نشے کی لعنت سے نجات دلوانے کیلئے حکومت پاکستان اور عسکری قیادت نے منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائی کا آغاز کیا۔ (بقیہ نمبر 51)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تاریخی تیزی، انڈیکس بلند ترین سطح عبور کرگیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس بڑھ کر 67903 پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر آگیا

کراچی (اے ایف بی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تاریخی تیزی ریکارڈ ہوئی، جس کے نتیجے میں انڈیکس بلند ترین سطح عبور کرگیا۔ پی ایس ایکس میں 917 پوائنٹس کی تیزی ہوئی، جس سے کے ایس ای 100 انڈیکس تاریخ کی نئی بلند ترین سطح عبور کرگیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس بڑھ کر 67903 پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر آگیا۔ بعدازاں حصص بازار میں کاروبار کا اختتام 869 پوائنٹس کی بڑی تیزی کے ساتھ ہوا۔ ایس ای 100 انڈیکس 67756 پوائنٹس کی نئی بلند ترین سطح پر اسٹاک مارکیٹ بند ہوئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے 28 مارچ کو بھی پاکستان (بقیہ نمبر 52)

لاہور: کاریگر پنکھا مرمت کرنے میں مصروف ہے

راولپنڈی، 2 ملزمان سے 3 کلو چرس برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 3 کلو چرس برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم نگین عرف گینا سے 1 کلو 700 گرام چرس، ملزم شہزاد خان سے 1 کلو 300 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے

سول لائنز پولیس کی کارروائی، شراب سپلائر گرفتار، بھاری مقدار میں شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے سنیپ چیکنگ کے دوران گاڑی کو روک کر چیک کیا، گاڑی سے 96 بوتل شراب برآمد ہوئی، سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اقبال کو گرفتار کرکے گاڑی قبضہ پولیس میں لے لی۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ (بقیہ نمبر 55)

کانسٹیبل کی نشے میں ویڈیو وائرل، آئی جی کے نوٹس لینے پر گرفتار

کانسٹیبل شاہد کی ملازمت سے برخاستگی کی کارروائی شروع کردی گئی، ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور میں کانسٹیبل کی نشے کی حالت میں ویڈیو وائرل ہونے کے معاملے پر آئی جی پنجاب نے نوٹس لے لیا۔ لاہور پولیس کے ترجمان کے مطابق کانسٹیبل شاہد کو معطل کر کے گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا ہے کہ (بقیہ نمبر 53)

کم عمری کی شادیوں کیخلاف قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

کم عمری کی شادی لڑکیوں کی زندگی، صحت کیلئے سنگین خطرہ ہے، مطالبہ

لاہور (انٹرنیوز) کم عمری میں بچیوں کی شادیوں کیخلاف قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کروادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق رکن پنجاب اسمبلی سارہ احمد نے کم عمری میں بچیوں کی شادیوں کیخلاف قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروادی ہے۔ قرارداد میں 18 سال سے کم عمر لڑکیوں کی شادی پر پابندی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ کم عمری کی (بقیہ نمبر 54)

جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال، سیکرٹری آرکائیو ظہور حسین اور ڈی جی لائبریرز کاشف منظور کا ای لائبریری نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے دورے کے موقع پر افسران کے ساتھ گروپ فوٹو

عوام کو ہر گزرتے دن کے ساتھ بہتری نظر آئیگی، بلیغ الرحمن

اتحادی حکومت ملک اور عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھے گی، ندیم پہلوان

مسلم لیگ (ن) کے رہنما وسابق رکن اسمبلی ڈاکٹر سعید الٰہی کی طرف سے افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت عوام کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور انہیں حل کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہے، اصلاحات کا مشکل مرحلہ شروع کردیا گیا ہے ان شاء اللہ عوام کو ہر گزرتے دن کے ساتھ بہتری نظر آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما وسابق رکن اسمبلی ڈاکٹر سعید الٰہی کی طرف سے دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان، عرفان چوہدری، علی رضا اور دیگر (بقیہ نمبر 56)

شراب پینے والے مسلم شہری کو فوری گرفتار کیا جائے

گورنر ہاؤس میں مدینہ کی ریاست کے اصولوں کو اپنایا جائیگا، گورنر سندھ

کراچی (اے ایف بی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ شراب پینے والے مسلمان کو فوری گرفتار کیا جائے، مسلمانوں کو شراب بیچنے والے کی دکان سیل کی جائے، گورنر ہاؤس میں مدینہ کی ریاست کے اصولوں کو اپنایا جائیگا، گورنر ہاؤس کے اکاؤنٹس کو سود سے پاک کیا جائیگا، 5 وقت نماز کی پابندی کی جائیگی۔ کامران ٹیسوری نے گورنر ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد میں ہم نیاز اسٹیڈیم میں 2 لاکھ سے زائد لوگوں کا آئی ٹی ٹیسٹ لینے جارہے ہیں، 2 لاکھ میں سے 50 ہزار لوگوں کے لئے آئی ٹی یونیورسٹی کا انتظام اور اہتمام کررہے ہیں۔ گورنر سندھ نے تشویش کا اظہار کیا کہ اسٹریٹ کرائم میں اضافہ ہورہا ہے، صوبے میں کچے کے ڈاکوں کا اثر بھی بڑھ رہا ہے، پرسوں میں نے (بقیہ نمبر 57)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free .com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان وبیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com